آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز بدھ 29 جولائی 2020ء بمطابق 08 ذوالحجہ 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 207

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45

اہل تشیع

فجر صبح	04:15
ظہر	01:00
مغرب	07:27

رواں مالی سال میں 4000 کلومیٹر سڑکیں تعمیر کی جائیں گی، وزیراعلیٰ بلوچستان

رواں مالی سال کے صوبائی ترقیاتی پروگرام میں بڑی، درمیانی اور چھوٹی شاہراہوں اور سڑکوں کی تعمیر کے 411 منصوبے شامل ہیں جن میں سے 85 منصوبوں کی پی ڈی ڈبلیو پی سے منظوری ہو چکی ہے

زیارت تا سنجاوی روڈ کی تعمیر کو بھی منصوبے میں شامل کرنے، گرد و نواح کی آبادیوں کو روڈ سے منسلک کرنے کے لئے لنک روڈ تعمیر کرنے اور روڈ پر سیاحتی مراکز اور ریسٹ ایریا کی تعمیر کا فیصلہ بھی کیا گیا

سڑکیں معاشی و سماجی ترقی میں اہم کردار ادا کرتی ہیں، یہی وجہ ہے کہ صوبائی حکومت ذرائع مواصلات کی ترقی کی جانب خصوصی توجہ دے رہی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت منعقد ہونے والے اجلاس میں رواں مالی سال کی صوبائی اور وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل شاہراہوں کی تعمیر کے نئے منصوبوں سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا، محکمہ مواصلات کے حکام نے بریفنگ دی، اجلاس میں صوبائی پی ایس ڈی پی میں شامل کوئٹہ۔ زیارت روڈ کی زیارت تا باب زیارت تک دو رویہ تعمیر کے منصوبے میں بعض تبدیلیوں کا فیصلہ کرتے ہوئے محکمہ مواصلات کو ترمیم شدہ پی سی ون تیار کرنے کی ہدایت کی گئی جبکہ زیارت تا سنجاوی روڈ کی تعمیر کو بھی منصوبے میں شامل کرنے، گرد و نواح کی

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں رواں مالی سال کی صوبائی اور وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل شاہراہوں کی تعمیر کے منصوبوں پر بریفنگ دی جا رہی ہے

چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ: صوبائی پی ایس ڈی پی کے ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد روکنے کا حکم

صوبائی پی ایس ڈی پی 2020-21 کے ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد روکتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان کے خصوصی فنڈز پر اسٹے آرڈر جاری کر دیا اور ریمارکس دیئے

نئے اسکیمات کے حوالے سے عدالتی احکامات کی خلاف ورزی پر مذکورہ انجینئر و دیگر کے خلاف کارروائی کی جائے' تمام پی ایس ڈی پی میں شامل اسکیمات کا جائزہ لیں

عدالت عالیہ نے یہ حکم متحدہ اپوزیشن کی جانب سے صوبائی پی ایس ڈی پی 2020-21ء سے متعلق دائر آئینی درخواست کی سماعت کے موقع پر دیا' جسٹس جمال خان مندوخیل

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہائیکورٹ کے چیف جسٹس جناب جسٹس جمال خان مندوخیل اور جسٹس جناب جسٹس نذیر احمد لانگو پر مشتمل بنچ نے صوبائی پی ایس ڈی پی 2020-21 کے ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد روکتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان کے خصوصی فنڈز پر اسٹے آرڈر جاری کر دیا اور ریمارکس دیئے کہ نئے اسکیمات کے حوالے سے عدالتی احکامات کی خلاف ورزی پر مذکورہ انجینئر و دیگر کے خلاف کارروائی کی جائے۔ عدالت عالیہ نے یہ حکم متحدہ اپوزیشن کی جانب سے صوبائی پی ایس ڈی پی 2020-21ء سے متعلق دائر آئینی درخواست کی سماعت کے موقع پر دیا۔ سماعت کے دوران درخواست گزار ملک سکندر ایڈووکیٹ، ساجد ترین ایڈووکیٹ، منیر احمد کاکڑ ایڈووکیٹ، نصیب اللہ ترین ایڈووکیٹ، ملک منیر احمد کاکڑ ایڈووکیٹ

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیراعظم عمران خان پاکستان کی ٹیلی کام سیکٹر پر اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اہم سرکاری عمارتوں میں داخلے سے قبل کورونا ٹیسٹ لازمی قرار

ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ بلوچستان، سول سیکرٹریٹ اور دیگر اہم سرکاری عمارتوں میں داخلے سے قبل کورونا ٹیسٹ کو لازمی قرار دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ بلوچستان، سول سیکرٹریٹ اور دیگر اہم سرکاری عمارتوں میں داخلے سے قبل کورونا ٹیسٹ کو لازمی قرار دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ بلوچستان، سول

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ میں فائرنگ 1 شخص جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں فائرنگ 1 شخص جاں بحق پولیس کے مطابق مشکل کوکوئٹہ کے علاقے سر

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

مچھ میں متعدد کول مائنز میں گیس بھر جانے سے حادثہ کے نتیجے میں ایک کا کفن جاں بحق جبکہ 2 زخمی ہو گئے ہیں

مچھ (آن لائن) بلوچستان کے ضلع بولان کے علاقے مچھ میں متعدد کول مائنز میں گیس بھر جانے سے

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان فضیل اصغر کی زیر صدارت چائنا بزنس سینٹر گوادر میں اجلاس منعقد

گوادر (آن لائن) چیف سیکرٹری بلوچستان فضیل اصغر کی زیر صدارت چائنا بزنس سینٹر گوادر میں اجلاس

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

مفت انصاف کی فراہمی، وفاقی محتسب کا گیس حکام کے خلاف بروقت کارروائی

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے اعلامیہ کے مطابق بی کے رہائشی اے کمار نے 05

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

کراچی میں بارش پر وزیر اطلاعات شبلی فراز کی پریس کانفرنس مگر مچھ کے آنسو ہیں، قادر پٹیل

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن اسمبلی قادر پٹیل نے کہا ہے کہ کراچی میں بارش پر

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ورلڈ بینک سے پاکستان کو مزید 50 کروڑ 55 لاکھ ڈالر کی رقم موصول ہو گئی

کراچی (این این آئی) ورلڈ بینک سے پاکستان کو مزید 50 کروڑ 55 لاکھ ڈالر کی رقم موصول ہو گئی

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

وفاقی حکومت کا نیب قانون پر ڈیڈ لاک پیدا ہونے کے بعد اپوزیشن کی رضامندی کے بغیر پارلیمنٹ میں لانے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے نیب قانون پر ڈیڈ لاک پیدا ہونے کے بعد اپوزیشن کی

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

حالات بہتر ہونے پر مزید کاروبار کھول دیے جائیں گے، وزیراعظم کا عندیہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ عوام ماسک کا استعمال ضرور کریں اور

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

کراچی کے مسائل اس وقت تک حل نہیں ہو سکتے جب تک عوامی نمائندے مالی، سیاسی اور انتظامی طور پر خود مختار نہ ہو جائیں، وزیراعظم

آرٹیکل 140 اے کے تحت سپریم کورٹ میں دائر شدہ پٹیشن کی جلد سماعت اور فیصلے کے لئے عدالت عظمیٰ سے فوری طور پر استدعا کی جائے، عمران خان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ کراچی کے دیرینہ مسائل اس وقت تک حل نہیں ہو سکتے جب تک کراچی کے عوام کے منتخب مقامی حکومت کے نمائندے آئین کی روح کے مطابق مالی، سیاسی اور انتظامی طور پر خود مختار نہ ہو جائیں خود اختیاری

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

سلوگن

کورونا کے دوبارہ شدت سے سر اٹھانے کے خدشات پیدا ہونے کی وجہ سے لاک ڈاؤن کی پابندیوں میں شامل شرائط پر سختی سے عمل کرنا ہم سب کی قومی و اخلاقی ذمہ داری ہے، کاروباری مراکز میں خریداری کے وقت فاصلہ برقرار رکھیں، دکانوں میں بیک وقت چار سے زائد افراد موجود نہ ہوں، اس کیعلاوہ سینیٹائزر، ماسک اور دستانوں کا استعمال بیحد ضروری ہے۔

صدر کا اسلام آباد میں پناہ گاہ کا دورہ، شیلٹر ہوم میں بے گھر اور نادار افراد کے لئے کئے گئے انتظامات کا معائنہ کیا

صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کی پناہ گاہ میں موجود افراد سے بات چیت، ایم ڈی بیت المال کو بزرگ افراد کا خیال رکھنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے اسلام آباد میں پناہ گاہ کا دورہ کیا، ایم ڈی بیت المال عون عباس بپی بھی موقع پر موجود تھے۔ منگل کو صدر نے شیلٹر ہوم میں بے گھر اور نادار افراد کے لئے کئے گئے انتظامات کا معائنہ کیا۔ صدر مملکت

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

راولپنڈی: آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ و ایوی ایشن انسٹرکٹر ٹیکنیکل میں انٹرنیشنل فیک کی آرمڈ کو کوالے کر کے تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان میں کورونا وائرس کے مزید 30 کیس رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 11654 ہو گئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کورونا وائرس کے مزید 30 کیس رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 11654 ہو گئی، محکمہ صحت کے کورونا وائرس آپریشن سیل کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق مشکل کو صوبے کے چار اضلاع سے کورونا وائرس کے مزید 30 کیس رپورٹ ہوئے جس کے بعد اب تک

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

اپوزیشن کی عید الاضحیٰ کے بعد حکومت کیخلاف محاذ گرم کرنے کیلئے سرگرمیاں

فاضل کے کس کی بات نہیں کہ ملک کے حالات کو سدھارنے، حکومت کا مزید رہنا عوام اور ملک کیلئے خطرے سے کم نہیں، شہباز شریف

عمران خان کو جانا ہوگا اور اس کیلئے عوام ایک پیج پر ہیں، رہبر کمیٹی، اے پی کے فیصلوں کے مطابق حکومت کیخلاف تحریک چلائیں گے، بلاول بھٹو

لاہور (این این آئی) اپوزیشن جماعتوں نے عید الاضحیٰ کے بعد حکومت کے خلاف محاذ گرم کرنے کیلئے سیاسی سرگرمیاں شروع کر دیں، گزشتہ روز صوبائی دارالحکومت لاہور سیاسی سرگرمیوں کا گڑھ بنا رہا جہاں مسلم لیگ (ن)، پیپلز پارٹی اور جمعیت علمائے اسلام (ف) کی قیادت کے درمیان اہم ملاقاتیں ہوئیں۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے وفد کے ہمراہ جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے مقامی

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

ہائیکورٹ آف بلوچستان نے صوبائی پی ایس ڈی پی کے 1436 منصوبوں پر کام روکنے کے احکامات جاری کر دیئے۔ نعیم اللہ زیرے

پی ایس ڈی پی کیس کی سماعت آج بلوچستان ہائیکورٹ میں ہوئی، جس میں بلوچستان اسمبلی کے اپوزیشن ممبر کے وکیل ایڈووکیٹ ساجد ترین نے عدالت میں کیس کی پیروی کی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر/پی آر) پی ایس ڈی پی کیس کی سماعت آج بلوچستان ہائیکورٹ میں ہوئی۔ جس میں بلوچستان اسمبلی کے اپوزیشن ممبر کے وکیل ایڈووکیٹ ساجد ترین نے عدالت میں کیس کی وکیل دی۔ ایم پی اے ملک نصیر شاہوانی، ایم پی اے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

عید کے بعد کیسز میں اضافہ ہوا تو سخت لاک ڈاؤن کی جانب جائیں گے، لیاقت شاہوانی

ماضی میں کیسز بنتے تھے مگر اداروں میں استطاعت نہیں کہ وہ نتائج لا سکیں، مگر اب موجودہ حکومت اداروں میں اصلاحات لا رہے ہیں تاکہ کرپشن کے حوالے سے کیسز پر کام تیز ہو

عید الفطر پر شہریوں کی جانب سے ایس او پیز پر عمل درآمد نہ کرنے کی وجہ سے 70 فیصد کیسز بڑے، اگر عوام تعاون نہیں کرتی تو مارکیٹس بند کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر سکتے ہیں، ترجمان حکومت بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان کے ترجمان لیاقت شاہوانی نے بلوچستان کی عوام سے اپیل ہے کہ آئندہ چند دنوں کے دوران زیادہ احتیاط کریں عید کے بعد کیسز میں اضافہ ہوا تو سخت لاک ڈاؤن کی جانب جائیں گے، ماضی میں کیسز بنتے تھے مگر اداروں میں استطاعت نہیں کہ وہ نتائج لا سکیں، مگر اب موجودہ حکومت اداروں میں اصلاحات لا رہے ہیں تاکہ کرپشن کے حوالے سے کیسز پر کام تیز ہو۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے بلوچستان کی عوام سے اپیل ہے کہ آئندہ چند دنوں کے دوران زیادہ احتیاط کریں عید کے بعد کیسز میں

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

افسران کی بہتر کارکردگی سے عوامی مسائل حل ہونگے، جام کمال

انتظامی افسران کو تمام ضروری سہولتیں فراہم کر کے ان کی استعداد کار اور کارکردگی کو بہتر بنانے میں معاونت فراہم کی جائے گی

تمام افسران کو بھی اپنی کارکردگی میں بہتری لانے کے لئے محنت اور لگن کو شعار بنانا ہوگا، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو اور سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی کو انتظامی افسران کی تعیناتی اور تبادلوں کے حوالے سے رولز آف بزنس میں ترمیم اور اصلاحات کی سفارشات کی تیاری اور ڈویژنوں اور ضلعوں میں انتظامی و ضلعی افسران کو فنانشل اور رہائش گاہ سمیت دیگر سہولیات کی فراہمی کی تجاویز کی تیاری کا ٹاسک تفویض کرتے ہوئے کہا ہے کہ انتظامی افسران کو تمام ضروری سہولتیں فراہم کر کے ان کی استعداد کار اور کارکردگی کو بہتر بنانے میں معاونت فراہم کی جائے گی تاہم افسران کو بھی اپنی کارکردگی میں بہتری لانے کے لئے محنت اور لگن کو شعار بنانا ہوگا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے اضلاع میں سرکاری افسران کے لئے دستیاب سہولتوں کا جائزہ لینے کے لئے منعقدہ اجلاس کے دوران کیا جس میں ایس ایم بی آر قمر مسعود اور سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی ارشد مجید نے اس حوالے سے اپنی رپورٹ پیش کی، وزیراعلیٰ نے کہا کہ انتظامی افسران کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

معاشرہ ترقی نہیں کر سکتا، طبقاتی نظام تعلیم کو ختم کیا جائیگا، اسد قیصر

مساوی تعلیم سے طلباء اعلیٰ عہدوں پر فائز ہو سکیں گے، پاکستان کو ترقی کرنے سے کوئی نہیں روک سکتا، سپیکر قومی اسمبلی کا طلباء سے خطاب

مردان (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ معاشرہ ترقی نہیں کر سکتا، طبقاتی نظام تعلیم کو ختم کیا جائیگا، مساوی تعلیم سے طلباء اعلیٰ عہدوں پر فائز ہو سکیں گے، پاکستان کو ترقی کرنے سے کوئی نہیں روک سکتا، طلباء محنت سے ملک کے وزیراعظم اور ڈاکٹر قدیر خان بن سکتے ہیں، ملک میں مدرسوں کا اہم کردار ہے، آئندہ سال سے یکساں تعلیمی نصاب رائج کیا جائے گا، سمارٹ لاک ڈاؤن میں پرتعمیر کی گئی، آج پوری دنیا پالیسی کو سراہ رہی ہے، عید پر شہری احتیاط کریں۔ منگل کو اسپیکر قومی اسمبلی نے مردان میں تقسیم انعامات کی تقریب کے بعد پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء سے خطاب

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے جی ایم سرینا ہوٹل رشید الدین ملاقات کر رہے ہیں

کورونا تمام حفاظتی تدابیر پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے، گورنر بلوچستان

ہمیں کورونا وائرس کی حساسیت کو سنجیدگی سے لینے اور حفظان صحت کے تمام اصولوں کو سختی سے اپنانے کی اشد ضرورت ہے

جان لیوا کورونا وائرس سے بچاؤ کی خاطر اس مرتبہ عید الاضحیٰ سادگی سے اور گھروں میں منائی جائے، امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے صوبے بھر کے عوام سے اپیل کی ہے کہ جان لیوا کورونا وائرس سے بچاؤ کی خاطر اس مرتبہ عید الاضحیٰ سادگی سے اور گھروں میں منائی جائے۔ اس ضمن میں عالمی وبا کے خطرے کے پیش نظر اس مرتبہ گورنر ہاؤس کوئٹہ میں بھی عید الاضحیٰ کے موقع پر عید مبارکبادی کے حوالے سے کوئی اہتمام نہیں ہے۔ اپنے ایک پیغام میں گورنر یاسین زئی عوام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ حفاظتی تدابیر کی پاسداری کے حوالے سے عوامی سطح پر معمولی غفلت، ذرہ بھر بے احتیاطی یا غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کرنے سے بڑے نقصانات بھی ہو سکتے ہیں، لہٰذا ضروری ہے کہ تمام حفاظتی تدابیر پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں باجماعت نمازوں بالخصوص عید الفطر کی نماز سمیت ہر قسم کے اجتماعات اور تقریبات کے دوران بھی کورونا وائرس کی حساسیت کو سنجیدگی سے لینے اور حفظان صحت کے تمام اصولوں کو سختی سے اپنانے کی اشد ضرورت ہے۔ گورنر

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

اپوزیشن کی ترامیم سے نیب قانون بے معنی ہو جائے گا، شاہ محمود قریشی

ایف اے ٹی ایف معاملے پر قانون سازی کیلئے تعاون مانگا تو اپوزیشن نے کہا بات نیب قانون کے بغیر آگے نہیں بڑھ سکتی

اپوزیشن کا مطالبہ ہے غیر ملکی اکاؤنٹس اور لیگل مدد و اثاثے نیب قانون سے نکال دیئے جائیں، قومی اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ ایف اے ٹی ایف معاملے پر قانون سازی کیلئے تعاون مانگا تو اپوزیشن نے کہا بات نیب قانون کے بغیر آگے نہیں بڑھ سکتی، اپوزیشن کی ترامیم سے نیب قانون بے معنی ہو جائے گا، ہماری پارٹی کا منشور رہا ہے کہ کرپشن برداشت نہیں کی جائے گی، اپوزیشن کا مطالبہ ہے غیر ملکی اکاؤنٹس اور لیگل مدد و اثاثے نیب قانون سے نکال دیئے جائیں، اپوزیشن کے مطابق اگر کوئی شخص نیب سے سزا یافتہ ہو گیا تو پھر بھی

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

ٹریڈ پالیسی آرڈیننس کے مطابق ٹریڈ پالیسی کے عہدیداران کی معیاد ایک سال ہے، عبدالرزاق داؤد

کراچی (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے تجارت عبدالرزاق داؤد نے کہا ہے کہ ایف پی سی سی آئی سمیت ملک بھر کی کسی بھی تجارتی انجمنوں کے عہدیداران کی معیاد بڑھانے اور انہیں مزید ایک سال منصب پر برقرار رکھنے کی کسی تجویز پر غور نہیں کیا جا رہا اور نہ ہی قانون میں ایسی کوئی گنجائش موجود ہے۔ مشیر

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

فرائض میں غفلت اور غیر حاضری فاطمہ جناح ہسپتال کے 4 اہلکار معطل

معطل اہلکاروں نے کووڈ 19 کے دوران غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے متعین ذمہ داریاں نبھانے سے انکار کر دیا تھا

ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ بلوچستان ڈاکٹر شاکر بلوچ نے فرائض میں غفلت برتنے اور غیر حاضری پر پبلک ہیلتھ لیبارٹری فاطمہ جناح ہسپتال کوئٹہ کے 4 اہلکاروں کو معطل کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ بلوچستان ڈاکٹر شاکر بلوچ نے فرائض میں غفلت برتنے اور غیر حاضری پر پبلک ہیلتھ لیبارٹری فاطمہ جناح ہسپتال کوئٹہ کے 4 اہلکاروں کو معطل کر دیا۔ ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ بلوچستان ڈاکٹر شاکر بلوچ اور کورونا وائرس آپریشن سیل کے سربراہ ڈاکٹر نجیب اللہ نیازی نے سیکرٹری صحت بلوچستان دوستین خان جمالدینی کی خصوصی ہدایت پر منگل کو اچانک پبلک ہیلتھ لیبارٹری فاطمہ جناح ہسپتال کوئٹہ کا دورہ کیا۔ ہیلتھ ایمرجنسی کے دوران غیر حاضری اور فرائض سے غفلت برتنے پر ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز بلوچستان ڈاکٹر شاکر علی بلوچ نے پبلک ہیلتھ لیبارٹری فاطمہ جناح ہسپتال کوئٹہ کے چار اہلکاروں اہلکاروں کو معطل کر دیا۔ معطل ہونے والے اہلکاروں میں جونیئر کلرک علی محمد، جونیئر کلرک عنایت اللہ، اسسٹنٹ

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

وفاقی کابینہ نے پٹرولیم مصنوعات کی قلت کے اسباب جاننے کیلئے انکوائری کمیشن قائم کرنے کی منظوری دیدی

پورٹ قاسم پر ایل اور ڈیزل کی قیمت اور دیگر معاملات پر کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی سفارشات کابینہ کیلئے تیار کرے گی، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے پٹرولیم مصنوعات کی قلت کے اسباب جاننے کیلئے انکوائری کمیشن قائم کرنے کی منظوری دیدی۔ منگل کو وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس ہوا جس میں وفاقی کابینہ نے پٹرولیم مصنوعات کی قلت کے اسباب جاننے کیلئے انکوائری کمیشن قائم کرنے کی منظوری دیدی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم اور کابینہ نے پٹرولیم مصنوعات کی قلت کے بحران کی وجوہات کا سراغ لگانے ضرورت پر زور دیا۔ ذرائع کے مطابق

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

لاہور: مسلم لیگ (ن) کے صدر و قائد حزب اختلاف شہباز شریف سے پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری ملاقات کر رہے ہیں

ایف بی آر نے 2 ٹاٹے ظاہر نہ کرنے پر کرکٹر محمد حفیظ پر 2 کروڑ 60 لاکھ روپے کا ٹیکس عائد کر دیا

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے 2 ٹاٹے ظاہر نہ کرنے پر کرکٹر محمد حفیظ پر 2 کروڑ 60 لاکھ روپے کا ٹیکس عائد کر دیا۔ ایف بی آر اعلامیہ کے مطابق کرکٹر محمد حفیظ کا 2014 کا انکم ٹیکس آڈٹ کیا گیا۔ محمد حفیظ نے 2014 میں 8 کروڑ 60 لاکھ روپے چھپائے۔ ایف

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

عید کے موقع پر تمام بازاروں اور شاپنگ سینٹر کھولے جائے تاکہ تاجروں کے کاروباری نقصانات کم ہوں، عبدالرحیم کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ حضرت علی ایجنٹ سید عبدالقیوم آغا میر یاسین مینگل شاہجہان ترین نصیر ترین نوت آغا عبدالخالق آغا ظفر گلستان عنایت دوردانی حبیب اللہ ماما اللہ داد ایجنٹ نوروز جنگ عبدالسلام و دیگر نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ عید کے موقع پر تمام بازاروں

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

عید کے قبل مہنگائی کی مصنوعی لہر تشویشناک ہے حکومت کے دعوے صرف زبانی جمع خرچ ہیں، بال شاہ کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر بال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ عید سے قبل مہنگائی کی مصنوعی لہر تشویشناک ہے حکومت کے دعوے صرف زبانی جمع خرچ ہیں مہنگائی کی لہر سے عید کی خوشیاں ماند پڑ رہی ہیں حکومت خود ساختہ مہنگائی کا نوٹس لیکر عوام کو ریلیف فراہم کرے، یہ بات انہوں نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کہی، انہوں نے کہا کہ عید الاضحیٰ سے مہنگائی کی اور کوئٹہ میں دودھ کی قیمتوں میں خود ساختہ اضافہ ناقابل قبول ہیں

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

مختلف ممالک میں پابندیوں کا دوبارہ نفاذ، دنیا میں اموات 6 لاکھ 52 ہزار سے تجاوز کر گئیں

کورونا سے سب سے زیادہ متاثرہ ملک امریکہ میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 57 ہزار 39 نئے کیسز سامنے آئے ہیں

واشنگٹن (این این آئی) کورونا وائرس کے کیسز میں دوبارہ تیزی کے بعد دنیا بھر میں حکومتوں نے کئی ایک پابندیاں دوبارہ لگا دی ہیں جن میں ساحلوں کی بندش سے لے کر قرنطینہ کے اقدامات شامل ہیں۔ خبر رساں ادارے اے ایف پی کے مطابق دنیا بھر میں کورونا سے ہلاکتوں کی تعداد بھی چھ لاکھ 52 ہزار سے تجاوز کر گئی ہے۔ جبکہ کورونا سے سب سے زیادہ متاثرہ ملک امریکہ میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 57 ہزار 39 نئے کیسز سامنے آئے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

ہمارا معاشرہ تیزی سے بھیانک صورتحال کی طرف بڑھ رہا ہے، سکندر ملک

کوئی بلیک لسٹ اور ہر ادارہ اپنا آئینی و قانونی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کی بجائے مقتدر قوتوں کی رضامندی حاصل کرنے میں عافیت سمجھے تو ایسے معاشرے تباہ و برباد ہو جاتے ہیں

کھوکھلے واقدار سے عاری معاشرے میں قوم سے محبت اور ماں جیسی دھرتی سے وفاداری سنگین مسائل پیدا کرتے ہیں، بلوچستان اسمبلی میں قائد حزب اختلاف

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی میں قائد حزب اختلاف ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ جب معاشرے میں سچ بولنے والا مجرم تصور، رشوت لیتے ہوئے کوئی بلیک لسٹ اور ہر ادارہ اپنا آئینی و قانونی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کی بجائے مقتدر قوتوں کی رضامندی حاصل کرنے میں عافیت سمجھے تو ایسے معاشرے تباہ و برباد ہو جاتے ہیں اور کھوکھلے واقدار سے عاری معاشرے میں قوم سے محبت اور ماں جیسی دھرتی سے وفاداری سنگین مسائل پیدا کرتے ہیں۔ اپنے جاری کردہ بیان میں ملک سکندر ایڈووکیٹ نے خبردار کیا ہے کہ ہمارا معاشرہ تباہی کے دہانے پر کھڑا ہے اور بڑی تیزی سے بھیانک صورتحال کی طرف بڑھ رہا ہے جہاں سے واپسی ممکن نہیں ہوگی جس معاشرے میں سچ ختم ہو جائے اور سچ بولنے کی جرات کرنے والا مجرم تصور

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

ہماری دفاعی صلاحیتیں اور پیشہ ورانہ تیاریاں امن کو یقینی بنانے کیلئے ہیں، سربراہ پاک فوج

آئی ایس پی آر کی جانب سے ایس او پیز پر عمل درآمد نہ کرنے کی وجہ سے 70 فیصد کیسز بڑے، اگر عوام تعاون نہیں کرتی تو مارکیٹس بند کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر سکتے ہیں، ترجمان حکومت بلوچستان

آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کا آئی ایس پی آر کی وفاقی معلومات اور صلاحیتوں پر اظہار اطمینان

راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ ہماری دفاعی صلاحیتیں اور پیشہ ورانہ تیاریاں امن کو یقینی بنانے کیلئے ہیں تاہم اگر کسی نے جارحیت مسلط کی تو پوری قوت سے جواب دیں گے۔ منگل کو آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے آئی ایس پی آر کی آرمڈ ریکنٹ کو ہیڈ کوارٹر میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اقوام متحدہ امن مشن کی تقریب میں چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ ہماری دفاعی صلاحیتیں اور پیشہ ورانہ تیاریاں امن کو یقینی بنانے کیلئے ہیں تاہم اگر کسی نے جارحیت مسلط کی تو پوری قوت سے جواب دیں گے۔ منگل کو آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

ذرائع بے احتیاطی دوبارہ کیسز و اموات میں اضافے کا باعث بن سکتی ہے، ڈاکٹر ظفر مرزا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی نے کہا ہے کہ ذرائع بے احتیاطی دوبارہ کیسز، اموات میں اضافے کا باعث بن سکتی ہے، اللہ کا شکر ہے کہ پاکستان میں بیماری کا پھیلاؤ کم ہوا، اس پر کسی تساہل یا غیر ذمہ داری کا مظاہرہ نہیں ہونا چاہیے، پاکست

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز ۱ مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

29 جولائی 2020ء

کورونا اور طبقہ اشرافیہ

پاکستان میں روز اول سے کورونا وائرس میں وہ شدت نہیں تھی جو مغربی ممالک میں دیکھنے میں آئی۔ تاہم حکومت کی لاپرواہی عدم توجہی اور عوام کی طرف سے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے میں غیر سنجیدگی نے صورتحال کو خراب کیا۔ پاکستان کا شمار ان ملکوں میں ہوتا ہے جہاں عام آدمی کی زندگی سے اشرافیہ کے منافع کو ترجیحی اہمیت حاصل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کورونا وبا سے بچاؤ کی تدابیر بھی بنیادی طور پر اشرافیہ کے تحفظ کی بنیاد پر ترتیب دی گئیں۔ بڑے لوگ اپنے پرآسائش محلوں اور بنگلوں میں تمام ضروری سہولتوں کے ساتھ محدود ہو گئے۔ انھیں لاک ڈاؤن کی کوئی کمی پریشانی نہیں تھی کیونکہ انھیں اپنے گھروں میں تمام سہولتیں دستیاب تھیں۔ بیماری کی صورت میں بڑے ہسپتالوں میں ان کے لئے گنجائش موجود تھے۔ امراء کے دن ہسپتالوں کو حکومت نے بھی خوب نوازا۔ بیرون ملک سے آنے والی امداد بھی اپنی ہسپتالوں میں منتقل کر دی گئی۔ اس کے ساتھ ہی حکومتی خزانے سے ان بڑے نجی ہسپتال کو مالی امداد بھی مہیا کی گئی۔ دوسری طرف پاکستان کے غریب عوام میں جن کے بارے میں کسی کو کوئی فکر نہیں۔ سب سے پہلے تو یومیہ اجرت پر کام کرنے والوں کی روزی بند ہو گئی۔ جو نہ کہیں پر رجسٹرڈ ہیں نہ ہی حکومت کے پاس ان کی مشکل کو حل کرنے کا کوئی منصوبہ ہے۔ لاک ڈاؤن میں کارخانے اور کاروبار بند ہوا۔ تو اس کا نقصان بھی سارا اپنی غریبوں کو برداشت کرنا تھا۔ کارخانہ داروں اور مل مالکان نے حکومت سے تمام مراعات وصول کرنے کے باوجود ملازمین کو تنخواہیں نہیں دیں بڑی تعداد میں لوگوں کو ہر طرف کیا گیا۔ خود حکام کے مطابق کم از کم 30 لاکھ محنت کش بیروزگار ہو گئے۔ حکومت اشرافیہ کی سرپرستی کرتی رہی۔ بلکہ خود حکومت نے اسٹیل ملز سے نو ہزار سے زائد افراد کو برطرف کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ کورونا کے آنے کے بعد پاکستان کے تاجروں اور صنعتکاروں نے تمام اشیاء کی قیمتیں بڑھا دیں یہاں تک کہ کورونا کے دوران استعمال میں آنے والے ماسک کی قیمت کئی سو گنا بڑھا دی گئی۔ نجی شعبے کی اس سفاکی حکومت کی پوری سرپرستی حاصل رہی۔ دوست ملکوں سے آنے والے مدد عام آدمی تک پہنچنے ہی نہ دی گئی۔ عالمہ منڈی میں تیل کی قیمت انتہائی کم ہو جانے کے باوجود پاکستان میں پٹرول کی قیمت سے زیادہ حکومت ٹیکس وصول کر رہی ہے۔ ادویات کی قیمتیں مزید بڑھانے کی اجازت دیدی گئی ہے۔ بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافہ روز کا معمول ہے۔ پاکستانی عوام کے ان مسائل کا حل شائد اس نظام میں موجود نہیں۔

رنگ لائے گا شہیدوں کا لہو

سحر صدیقی

تاریخ اور وقت کا حتمی فیصلہ یہی ہے کہ اپنی آزادی کے لئے جدوجہد کرنے والے لوگ آخر کار کامیاب اور سرخرو رہتے ہیں۔ ان کی جدوجہد اصولوں پر مبنی ہوتی ہے اور وہ اسی راستے پر چلتے ہوئے ہر قسم کی قربانی پیش کرتے ہوئے اور آزادی کی منزل کو اپنا سرمایہ جاں خیال کرتے ہوئے تاریخ کے صفحات پر اپنے خون سے اپنی داستان تحریر کرتے رہتے ہیں۔ انسانی تاریخ میں ان کا یہ کارنامہ ایک معتبر حوالہ بن جاتا ہے اور آنے والی نسلیں اس سے اپنے حالات اور احوال کے حوالے سے استفادہ کرتی ہیں۔ حالیہ برسوں میں اگر ان اقوام کا جائزہ لیا جائے جو اپنی آزادی کی خاطر جدوجہد میں مصروف ہیں تو ان میں مقبوضہ ریاست جموں وکشمیر کے مسلمان بلاشبہ سرفہرست اور نمایاں مشاہدہ کئے جاسکتے ہیں۔ اس باب میں اگرچہ فلسطین کے مسلمانوں کا ذکر بھی اپنی جگہ نہایت اہم اور تاریخ ساز ہے لیکن مذکورہ کشمیری عوام کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ وہ مسلح جدوجہد کی بجائے سیاسی اور قانونی راستہ اختیار کرتے ہوئے ایک طرف تو قابض بھارتی سیکیورٹی فورسز کے بہیمانہ مظالم کو برداشت کر رہے ہیں تو دوسری طرف وہ سیاسی اور سفارتی محاذ پر بھی متحرک دیکھے جاسکتے ہیں۔ ان کی یہ جدوجہد اس وقت سے جاری ہے جب برطانوی راج کے خاتمے پر برصغیر پاک وہند کی تقسیم کا مرحلہ درپیش رہا۔ اصولی طور پر یہ طے پایا تھا کہ جن علاقوں میں مسلمانوں کی اکثریت ہے وہ علاقے پاکستان میں شامل ہوں گے۔ اسی فارمولے کے تحت 14 اگست 1947 کو پاکستان کا قیام عمل میں آیا۔ اسی پس منظر میں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ خودمختار ریاستوں کے ضمن میں یہ بات طے ہوئی کہ ان ریاستوں کے عوام کو حق خود ارادیت دیا جائے گا تاکہ وہ اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کرسکیں۔

تاریخ کا یہ حوالہ اس پس منظر میں بڑی اہمیت کا حامل ہے کہ 19 جولائی 1947 کو سری نگر میں ہونے والے آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس کے اجلاس میں یہ قرارداد منظور کی تھی کہ وہ پاکستان میں شامل ہونا چاہتے ہیں۔ اب اس کو تاریخ کا المیہ کہا جائے یا وقت کی بے رحمی سے تعبیر کیا جائے کہ مسلمانوں کی یہ آواز اس وقت کے ڈوگرہ حکمرانوں کی سماعت سے یوں محروم ہوئی کہ امن پسند اور صلح جو کشمیری عوام غلامی کی ان زنجیروں میں جکڑے گئے جس کا وہ ایک طویل عرصے سے عذاب اور اذیت برداشت کر رہے تھے۔ قیام پاکستان کے بعد بھی ان کشمیری عوام کو ان کا حق رائے دہی دینے کیلئے سفارتی اور سیاسی سطح پر کوششیں کی گئیں تو ان کوششوں کو نئی دہلی نے ناکام اور غیر موثر بنانے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا۔ اس کا اندازہ یوں کیا جاسکتا ہے کہ بھارتی افواج نے جموں اور سری نگر پر زبردستی قبضہ کیا عوام کو اپنے ظلم و تشدد کا نشانہ بنایا اور دوسری طرف عالمی برادری کے سامنے خود مظلوم بن کر امن کی دہائی دیتے ہوئے اقوام متحدہ کے اجلاس میں ایسی قراردادیں منظور کرائیں جو عملی طور پر توسیع پسند ہندو حکمرانوں کے مکروہ چہرے کا نقاب بن گئیں۔ اب صورتحال اس نہج پر پہنچ چکی ہے کہ گذشتہ 73 برسوں سے کشمیری عوام اپنی آزادی اور خودمختاری ہی نہیں بلکہ اپنی سلامتی کے لئے بھی مصروف عمل ہیں۔ یوں تو نئی دہلی میں براجمان ہونے والے ہر بھارتی حکمران نے مقبوضہ کشمیر پر ظلم وستم کو اپنا وطیرہ اور چلن بنائے رکھا لیکن موجودہ وزیراعظم نریندرا مودی نے انتہا پسندی اور خاص طور پر مسلمانوں کے خلاف نفرت کے جذبات کو ابھارنے کے ماضی کے تمام ریکارڈ توڑ دیئے۔ اس سلسلے میں یہ بات قابل ذکر ہے کہ موصوف نے مقبوضہ کشمیر کی قانونی اور آئینی حیثیت کو تبدیل کرنے میں بھی کوئی اجتناب اور گریز نہیں کیا۔ بھارتی وزیراعظم نے کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی کو ناکام بنانے کیلئے یہ چال چلی کہ بھارتی آئین کے آرٹیکل 370 اور 35-A کو منسوخ کر دیا۔ اس کا بنیادی مقصد اس کے سوا کچھ نہیں ہے کہ ایسی صورتحال میں کشمیر کو دنیا کے سامنے نا صرف بھارت کا مستقل حصہ بنا کر پیش کیا جائے بلکہ غیر کشمیری افراد کو بھارت کے دیگر علاقوں سے لاکر کشمیر میں آباد کر دیا جائے۔ ظاہر ہے کہ ایسے میں مسلمانوں کی اکثریت متاثر ہوگی اور بھارتی قابض عناصر کو مزید تقویت ملے گی۔ بھارتی وزیراعظم نے یہ غیر قانونی اقدام گذشتہ برس 5 اگست کو نافذ کیا تھا چنانچہ اس حوالے سے اب مقبوضہ کشمیر ہی نہیں بلکہ وطن عزیز میں بھی سیاسی اور سماجی سطح پر اس کی شدید مذمت کی جاتی ہے۔ سچی بات تو یہ ہے کہ دنیا بھر میں آباد اور پھیلے ہوئے کشمیری و پاکستانی عوام بھی اس مذمت میں برابر کے شریک ہوتے ہیں۔ وہ عالمی ضمیر کو بیدار کرنے اور انسانی حقوق کی دعویدار تنظیموں اور شخصیات کی توجہ ان مظالم کی طرف دلانے کی پرامن کوشش کرتے ہیں جن سے مقبوضہ کشمیر کے عوام نبرد آزما ہیں۔

مقبوضہ کشمیر میں امن و امان کی صورتحال انتہائی دگرگوں ہے۔ کوئی دن ایسا نہیں گزرتا جب بھارتی قابض سیکیورٹی فورسز کسی بے گناہ کشمیری کے خون سے اپنے ہاتھ آلودہ نہ کرتے ہوں۔ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ ظلم وستم کے اس باب میں خواتین کے ساتھ جسمانی اور جنسی زیادتی کی جاتی ہے بزرگوں کو زدوکوب کرنے سے گریز نہیں کیا جاتا نوجوانوں کو ماورائے عدالت کارروائی میں شہید کر دیا جاتا ہے حتیٰ کہ نومولود بچوں کو بھی ایسے ہی ظلم کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔ گذشتہ دنوں ساری پرامن دنیا اس وقت حیرت و ملال میں ڈوب گئی جب بھارتی فوجیوں نے ایک بزرگ کو پہلے گولی مار کر شہید کر دیا اور اس کے بعد اس کی لاش پر اس کے نومولود نواسے کو بٹھا کر اس کی ویڈیو اور تصویریں بنائیں۔ یہ امر بھی اپنی جگہ قابل افسوس ہے کہ پرامن دنیا یوں تو انسانی حقوق کی پاسداری کے دعوے کرتی ہے اور جمہوریت کے حق میں نعرے بلند کرتی ہے لیکن جب معاملہ فلسطین اور مقبوضہ کشمیر کا درپیش ہو تو ان کو مخاورتا نہیں بلکہ حقیقتاً سانپ سونگھ جاتا ہے۔ کشمیری عوام نہایت مستقل مزاجی جرات مندی اور عزم کے ساتھ اپنی سیاسی جدوجہد کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔ ان کو خوب معلوم ہے کہ اقوام متحدہ کے ایوانوں میں ان کی آواز نہیں سنی جارہی اور وہ یہ بھی جانتے ہیں کہ جب بات کشمیر کی ہو تو مغربی دنیا کے معیار تبدیل ہو جاتے ہیں۔ یہ تاثر اس پس منظر میں نہایت فکر انگیز ہے کہ جب ایسٹ تیمور اور ڈارفر کے عوام کا مسئلہ سامنے آئے تو اقوام متحدہ نے فوری طور پر اپنا سیاسی وسفارتی اثر ورسوخ استعمال کر کے وہاں کے عوام کو ان کی مرضی کے مطابق اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کی اجازت دی اور ان کو یہ موقع فراہم کیا کہ وہ کسی سامراج اور ڈکٹیٹر کے اثر ورسوخ میں آئے بغیر اپنی مرضی کا فیصلہ کریں۔

مقبوضہ کشمیر کے عوام کو ان کا حق خود ارادیت دینے کا وعدہ ایفا کرنے کی بجائے بھارتی حکومت نے اب یہ پالیسی اختیار کر رکھی ہے کہ وہ پاکستان کے ساتھ اپنی بین الاقوامی سرحد اور دوسری طرف کنٹرول لائن پر جارحانہ فائرنگ کر کے پاکستان کو مشتعل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اس سلسلے میں یہ بات قابل ذکر ہے کہ گذشتہ دنوں جب آئی ایس پی آر کی طرف سے عالمی میڈیا کے نمائندوں کو مذکورہ سرحدی علاقے کا دورہ کرایا گیا تو ان لوگوں نے خود مشاہدہ کیا کہ بھارت نے اپنی سرحد پر ایسی تین مدارج کی حدود بنا رکھی ہیں جن کو عبور کرنا کسی انسان کیلئے ناممکن ہے۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ 2015 سے اب تک بھارت نے 11815 مرتبہ سرحدی خلاف ورزی کرتے ہوئے پاک سرحد کی قریبی آبادیوں کے جان و مال کو نقصان پہنچایا۔ مقبوضہ کشمیر میں اس وقت 9 لاکھ بھارتی فوجی موجود ہیں اور بھارت کی طرف سے اس جنت نظیر وادی کو جہنم زاد بنائے ہوئے 350 دن گزر چکے ہیں۔ بین الاقوامی میڈیا کو اس بات پر حیرت ہوئی کہ مقبوضہ کشمیر میں انٹرنیٹ تک کی سہولت پر پابندی ہے کوئی صحافی یا سیاح وادی میں داخل نہیں ہوسکتا اور عام شہری اپنے گھر سے باہر نکلنے سے بھی قاصر ہے۔ یہ بات بھی نہایت قابل غور ہے کہ جب حال ہی میں ایران نے بھارت کو چاہ بہار بندرگاہ کے ترقیاتی منصوبے سے خارج کیا اور اس نے مشترکہ سرمایہ کاری کے دیگر منصوبوں میں بھی عدم دلچسپی کا اظہار کیا تو وزیراعظم نریندرا مودی نے اپنی سیاسی ساکھ کو برقرار رکھنے اور داخلی طور پر اپنے زوال کے دن کم کرنے کی کوشش میں مقبوضہ کشمیر میں مظالم کی رفتار اور شدت میں اضافہ کر دیا۔

یہ درست ہے کہ مقبوضہ کشمیر کے عوام اپنی آزادی کی جدوجہد میں بے مثال قربانیاں پیش کر رہے ہیں اور انہوں نے اپنی حالیہ جدوجہد کا سرخیل جواں سال شہید برہان وانی کو تسلیم کر رکھا ہے لیکن اس کے باوجود ان کے حوصلے بلند ہیں اور وہ کسی طور بھی بھارتی غلامی کو قبول کرنے کیلئے تیار نہیں۔ بہت کم لوگوں کو اس حقیقت کا علم ہوگا کہ مقبوضہ کشمیر میں عوام کو باقی دنیا کے احوال کی خبر صرف اور صرف ریڈیو پاکستان کے ذریعے ہوتی ہے۔ بھارتی غاصب فوج نے رابطے کے دیگر وسائل اور ذرائع ناپید کر رکھے ہیں اور وہ اس غلط فہمی کا شکار ہیں کہ کشمیری عوام ان کے سامنے سر تسلیم خم کریں گے۔ وہ تاریخ کے اس فیصلے سے سراسر نابلد اور بے خبر ہیں کہ رنگ لائے گا شہیدوں کا لہو۔

پولیس مورال بہتر کرنے کی ضرورت (آخری قسط)

یونس بلوچ

پگاڑ پیدا کر دیا گیا ہے کہ آج کوئی فیلڈ میں جانے کو تیار نہیں۔ اور جو فیلڈ میں جارہے ہیں وہ سفارشی کوٹہ ہے جن کا کام پروفیشنلزم کی بجائے مقامی سیاست دانوں کو خوش کرنا ہے۔

پولیس کے تقرر وتبادلے صرف سفارش پر ہوتے ہیں اور کوئی رٹیشن پالیسی نہیں۔ لاہور میں سی سی پی او، ریجن میں آر پی او اور اس کے ڈی آئی جی (سی پی او) کو اپنی صاف ستھری ٹیم تشکیل دینے کے پورے اختیارات ملنے چاہیں تاکہ سفارشی اور نکمے افسران کا صفایا ہوسکے۔ پولیس کی بھرتی کے نظام میں بھی بہتری ضروری ہے۔ ایم اے پاس بھرتی کانسٹیبل کیا کرے گا اسے تو محکمہ تعلیم میں ہونا چاہیے یا سی ایس ایس کرنا چاہیے۔ پولیس کانسٹیبل کو میٹرک اور فزیکل فٹنس کا حامل ہونا چاہیے جو حکم ملنے پر دیوار سے بھی ٹکرا جائے۔ اس وقت بھی پنجاب پولیس میں 20 ہزار کانسٹیبل ودیگر رینک کی اسامیاں خالی ہیں جنہیں پر کرنا ضروری ہے۔ دیگر نفری سے روزانہ ہی گھنٹے ڈیوٹی لینے سے فورس کا مورال بھی گر رہا ہے اور کئی ملازمین متعدد بیماریوں جیسے نفسیاتی مریض بنتے جارہے ہیں۔ آج کے میڈیا کا بھی ایک اہم کردار ہے کہا جاتا ہے کہ میڈیا میں پولیس کے منفی پہلوؤں کو زیادہ اچھالا جاتا ہے اور مثبت پہلو کم۔

یہ وقت کی ضرورت ہے کہ اس اہم ترین محکمہ پولیس کو ایک مکمل محکمے کا درجہ دینا، اسے محکمہ ہوم اور ڈی ایم جی کے شکنجے سے آزاد کرنا اور پولیس کے سربراہ کی میرٹ پر تقرری کرنا ہے تاکہ پولیس کے نظام کو کھڑا کیا جاسکے اور ترک اور سکاٹ لینڈ یارڈ پولیس کی طرز پر آرگنائز کیا جائے تاکہ مستقبل کے چیلنجز سے نمٹا جاسکے۔ آخر میں خبر ہے کہ آر پی او اور سی پی او گوجرانوالہ نے ایک ایسے پولیس آفیسر کی نشاندہی کر کے اسے وہاں سے ٹرانسفر کروایا ہے جس نے جرائم پیشہ افراد سے اپنے تعلقات وابستہ کر رکھے تھے وہ عوام سے بڑی بدتمیزی سے پیش آتا تھا اور اسے اپنے سفارشیوں پر بھی بڑا مان تھا اس کے تبادلے سے گوجرانوالہ کی عوام نے سکھ کا سانس لیا ہے گوجرانوالہ میں آر پی او ہی پی او کے بعد ایس ایس پی آپریشن ڈاکٹر فہد اور ایس ایس پی انویسٹی گیشن ڈاکٹر رضوان ادارے کے دو ایسے جواہرات بیان کیے گئے ہیں کہ جن کے کام اور میرٹ کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ گوجرانوالہ پولیس کی ٹیم اب پنجاب کی پہلے نمبر کی ٹیموں میں شامل ہوگئی ہے گوجرانوالہ کے آر پی او اور سی پی او آئی جی پولیس پنجاب کی چوائس اور دونوں محنتی، دبنگ ہونے کے علاوہ دیانت دار آفیسرز ہیں اور ان سے ہمارا تعلق بھی بھائیوں جیسا ہے۔

انٹرویو۔ نور احمد راہی

میر جام کمال خان عالیانی کی حکومت نے بلوچستان بھر میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا دیا ہے صوبے میں ہر جگہ ہر علاقے میں واٹر سپلائی، سیوریج نظام، سپورٹس کمپلیکس، بنیادی ہیلتھ سینٹر کی تعمیر اور بلیک ٹاپ روڈ کی تعمیر وغیرہ کا کام تیزی سے جاری ہے اسی طرح صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اور گردونواح کے علاقوں میں بھی ترقیاتی عمل تیزی سے پایہ تکمیل تک پہنچ رہا ہے ہماری ٹیم نے اپنے تئیں ان کاموں کے معیار اور تھیکنس کا جائزہ لینے کے لئے زیر تکمیل کاموں کا معائنہ کیا جس میں سریاب قمبرانی روڈ اور کاریزن، سٹیلائٹ ٹاؤن کلی اسماعیل اور چشمہ اچوزئی پوزیشن ایئرپورٹ روڈ پوزیشن کچلاک پوزیشن میں صوبائی وزیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن علاقہ ایم پی اے ملک نعیم خان بازئی کے فنڈ سے بلیک ٹاپ روڈ کی تعمیر کیے گئے جس کے کنٹریکٹر ایس ایم عبدالوہاب اینڈ کمپنی ہے ان علاقوں میں کام کو دیکھ کر بلاشبہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ ایمانداری اور ملک وقوم سے محبت ابھی باقی ہے، ان علاقوں میں بلیک ٹاپ روڈ کی تعمیر دیکھ کر یہ گمان ہوتا ہے کہ شاید کنٹریکٹر صاحبان کو پیسے سے کوئی لگاؤ نہیں ہے کیونکہ ان علاقوں میں کاموں کی کوالٹی اور کوالٹی سو فیصد سے بھی زیادہ لگ رہی تھی، بے مثال اور ایمانداری کے ساتھ کام دیکھ کر ہم نے کنٹریکٹر حضرات سے ملاقات کی خواہش کی جس کے بعد کنٹریکٹر مبین خان بازئی اور عبدالوہاب کاکڑ بنفس نفیس سائٹ پر تشریف لائے مبین خان بازئی نوجوان اعلیٰ تعلیم یافتہ خوش مزاج عوام دوست مزاج کے مالک ہیں انہوں نے ہماری ٹیم کی جانب سے معائنہ کا خیر مقدم کیا اور اصلاحی تنقید کے منتظر تھے، ہمارے سوالات کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اس حلقے میں ملک نعیم خان بازئی کی کامیابی عوام کے لیے نیک شگون ثابت ہوئی طویل عرصے کے بعد ایئرپورٹ روڈ کچلاک چشمہ اچوزئی کے علاقوں کو ترقیاتی کاموں کی فہرست میں ڈالا گیا ہے جس پر عوام ان کے شکر گزار ہیں مبین خان بازئی کے مطابق ترقیاتی کاموں کی عوام سے زیادہ مجھے خوشی ہے ہم نے ان علاقوں میں کام کرنے کا ذمہ بھی اسی نیت سے لیا کہ ہم نے ایسا کام کرنا ہے کہ پھر مدتوں تک یہاں کام کی ضرورت پیش نہ آئے ہم معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے کیونکہ ان ترقیاتی کاموں میں خرچ ہونے والا پیسہ عوام کے خون پسینے کی کمائی ہے اور عوام کی امانت ہے اور امانت میں خیانت کرنے والے کو اللہ تعالیٰ بھی پسند نہیں فرماتے اگر ہم اس میں خیانت کرتے ہیں تو کتنے دن تک یہ پیسہ کما سکتے ہیں آج ہم مطمئن ہیں ہمارا ضمیر مطمئن ہیں انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ آئندہ بھی جب بھی موقع ملا اسی طرح اپنے کام میں کوالٹی اور کوالٹی دکھائیں گے ہمیں سو روپے نہیں پانچ روپے کمانا ہے تاکہ عزت کے ساتھ اپنے بچوں کے ساتھ گزر اوقات کر سکیں بلاشبہ مبین خان بازئی کی سوچ وفکر اور طرز عمل قابل ستائش ہیں ان کا کام خود پکارتا ہے کہ مجھ میں کوالٹی اور کوالٹی ہے حکومت اور دیگر اداروں کو ایسے پرعزم نوجوان کی حوصلہ افزائی کرنا چاہیے تاکہ عوام کو بھی معیار مل سکے اور عوام کا پیسہ بھی ضائع نہ ہو

بے پناہ صلاحیتوں کے مالک مبین خان بازئی

گورنمنٹ کنٹریکٹری اینڈ ڈبلیو

گورنمنٹ کنٹریکٹر مبین خان بازئی نے کہا کے اپنے کام میں ایمانداری ہمارا نصب العین ہے اس کے علاوہ علاقہ ایم پی اے ملک نعیم خان بازئی بھی اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کرتے اپنے تجویز کردہ ترقیاتی کاموں میں انھوں نے کوالٹی اور کوالٹی پر زور دیا ہے اور اس ضمن میں اپنی جانب سے تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی ہے ملک نعیم خان بازئی صاف ستھرا کام چاہتے ہیں انہوں نے دن رات تکمیل کاموں کی نگرانی بھی کی ہے اور ہماری رہنمائی بھی کی ہے مبین خان بازئی نے ملک نعیم خان بازئی کو ان کے عوامی خدمات پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہم بھی صاف ستھرا کام کرنے پر یقین رکھتے ہیں ملک نعیم خان بازئی کے ساتھ اچھا کام کر کے ہمارے تجربے میں بھی اضافہ ہوا، اس موقع پر پر علاقے کے عوام کی بھی بڑی تعداد موجود تھی جنہوں نے اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے علاقہ ایم پی اے صوبائی وزیر ایکسائز ملک نعیم خان بازئی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے علاقے میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا کر عوام کا حق ادا کر دیا آج ہمیں ملک نعیم خان بازئی کو ووٹ دینے پر فخر ہے اس سے قبل یہاں سے جو بھی ایم پی اے منتخب ہو کر آیا اس نے صرف عوام کو سبز باغ دکھائے جھوٹے وعدے کئے جبکہ ملک نعیم خان بازئی نے نہ صرف اپنے وعدوں کو پورا کر کے دکھایا بلکہ اپنے انتخابی حلقے کو بلوچستان کا سب سے بہترین علاقہ بنا دیا ملک نعیم خان بازئی اس سے قبل بطور ڈسٹرکٹ چیئرمین بھی عوام کی بلا امتیاز اور بے لوث خدمت کرتے رہے ہیں حلقے کے عوام آئندہ بھی ملک نعیم خان بازئی کے ساتھ ہوگا۔

☆☆☆☆

بلوچستان میں بجلی کی آنکھ مچولی

خبر سے خبر تک
شیخ فرید
fareedqta1963@gmail.com

بلوچستان بھر میں بجلی کا رونا ختم نہیں ہوتا، یہاں۔ گھروں۔ میں لڑکتے بلب اہل خانہ کا منہ چڑاتے نظر آتے ہیں بجلی کے آلات منہ اسوہ رہتے ہیں۔ رات رات بھر تاریکی کا راج رہتا ہے۔ کوئٹہ میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ روز کا معمول بن گیا ہے۔ کوئٹہ میں اندرونی شہر سمیت سریاب روڈ کے گنجی بیگ، موسیٰ کالونی، پشتون آباد، شالدرہ، ہزل روڈ، برات زئی، کمالو، ترنجہ، قمرانی اور دور افتادہ دیہات میں بجلی کی بندش نے غریب عوام الناس کا جینا حرام کر دیا ہے۔ اور تازہ ترین خبر یہ ہے کہ حکومت نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر صرف تین چھٹیاں دینے کا فیصلہ کر لیا جس کا باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کیا جائے گا۔ ایسے اعلانات پر ہنسی ہی آسکتی ہے۔ تفصیلات کے مطابق حکومت نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر صرف تین چھٹیاں دینے کا کیسکو کی نااہلی کے باعث زرغون ہاؤسنگ اسکیم کو تاحال بجلی کی فراہمی کا منصوبہ مکمل نہیں ہوسکا۔ کیو ڈی اے ذرائع کے مطابق کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ذرائع نے کہا ہے کہ زرغون ہاؤسنگ اسکیم میں گرڈ اسٹیشن کی تعمیر کے بعد کیسکو حکام سے باقاعدہ معاہدہ ہوا۔ گرڈ اسٹیشن سے 12 فیڈر منسلک کئے گئے ہیں جن میں سے چار فیڈر سے زرغون ہاؤسنگ اسکیم کو بجلی فراہمی کی جاتا ہے جبکہ آٹھ گرڈ اسٹیشن سے کیو ڈی اے کی نئی ہاؤسنگ سکیم حکومتی اور دیگر علاقوں کو بجلی فراہم کی جاتی ہے۔ اس حوالے سے کیسکو سے معاہدہ بھی ہوگیا جس کے بعد کیسکو حکام بجلی کی فراہمی کے پابند ہیں لیکن اب صرف ایک فیڈر سے بجلی فراہمی کی جارہی ہے جس سے زرغون ہاؤسنگ اسکیم کے فیز ون کو بجلی مل سکی جبکہ کئی گھر اب بھی بجلی سے محروم ہیں اور متعدد پلاٹ بجلی نہ ہونے کی وجہ سے اپنے تعمیر شدہ گھروں میں شفٹ نہیں ہو سکے۔ کیو ڈی اے کے ذرائع نے مزید بتایا کہ زرغون ہاؤسنگ اسکیم کو بجلی کی فراہمی کیلئے چیئرمین کیو ڈی اے میڈم بشریٰ رند ڈائریکٹر جنرل سمیت متعلقہ افسران نے کئی مرتبہ کیسکو حکام سے ملاقاتیں کیں۔

الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے ترجمان کے مطابق جمعہ کے روز شدید طوفانی ہواؤں سے گوال حیدرزئی اور مسافر پور کے درمیان 132KV ٹرانسمیشن لائن کا ایک ٹاور گر گیا جسکے نتیجے میں 132KV مسافر پور اور ڈوب گرڈ اسٹیشن متاثر ہوا

خبر یہ بھی ہے کہ صوبائی دارالحکومت کے اکثر علاقوں میں وولٹیج میں کمی بیشی سے قیمتی برقی آلات خراب ہونے لگے۔ اکثر ٹیوب ویلز اسٹارٹ نہ ہونے کی وجہ سے پانی کی قلت پیدا ہوگئی۔ اس حوالے سے ذرائع نے بتایا کہ کوئٹہ شہر کے بعض فیڈر اور لوڈ ہونیکی وجہ سے وولٹیج کے مسائل جنم لے رہے ہیں چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو کی جانب سے وولٹیج کی کمی اور بجلی کی بلاتعطل فراہمی کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں لیکن فی پاور ہاؤس سے بجلی کی فراہمی نہ ہونے سے مسئلے کا فوری حل ممکن نہیں۔ حبیب اللہ کوسٹل پاور پلانٹ سے گزشتہ ایک سال سے بجلی کی فراہمی بند ہے جس کی وجہ سے وولٹیج کے مسائل پیدا ہو رہے ہیں اگر حبیب اللہ کوسٹل پاور پلانٹ یومیہ 140 میگاواٹ بجلی کیسکو کو فراہم کرے تو شہر میں بجلی کی سپلائی کا نظام بہتر ہوسکتا ہے لیکن ایک سال سے بجلی کی سپلائی بند ہے جبکہ اس سے پہلے 140 میگاواٹ کی بجائے کبھی 100 یا اس سے بھی کم بجلی فراہم کی جارہی تھی "جنگ" نے حبیب اللہ کوسٹل پاور پلانٹ انتظامیہ سے رابطہ کیا تو بتایا گیا کہ گیس کی بندش کے باعث پاور پلانٹ بجلی فراہم کرنے سے قاصر ہے کیونکہ سپیئر ٹرک اینڈ گیس کمپنی سے 20 سالہ معاہدہ مکمل ہوگیا ہے جس کی تجدید نہ ہونے کی وجہ سے پلانٹ غیر فعال ہوئے لیکن اب دوبارہ کاغذی کارروائی مکمل ہوچکی ہے اور جلد ہی وفاقی حکومت اور ایس او جی سی سے زیدس سال کا معاہدہ طے پاجائیگا جس کے بعد حبیب اللہ کوسٹل پاور ہاؤس کیسکو کو وفاقی حکومت سے معاہدے کے مطابق یومیہ بجلی فراہم کرنے کے قابل ہو سکے گا۔ دوسری جانب بجلی صارفین نے وولٹیج میں کمی بیشی پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کے قیمتی برقی آلات خراب ہو رہے ہیں جبکہ کئی علاقوں میں ٹیوب ویلز اسٹارٹ نہ ہونے کی وجہ سے پانی کی قلت پیدا ہوگئی ہے صارفین نے وفاقی وصوبائی حکومتوں سے اپیل کی کہ حبیب اللہ کوسٹل پاور پلانٹ کی انتظامیہ کے ساتھ گیس کی فراہمی کے معاہدے کی جلد از جلد تجدید کی جائے تاکہ وہ کوئٹہ میں بجلی کی ضروریات پوری کرنے کیلئے کیسکو کو بجلی فراہم کرے تاکہ صوبائی دارالحکومت میں بجلی سے پیدا ہونے والے مسائل پر قابو پایا جاسکے۔

☆☆☆☆☆

امریکی کانگریس میں مسئلہ کشمیر کی گونج

محمد فاروق

جاسکتا ہے یا ان کو مسئلہ کشمیر کے حوالے سے ایک سنگ میل قرار دیا جاسکتا ہے۔ ہوا یوں پہلے تو آئی ایس پی آر کی طرف سے وطن عزیز میں موجود غیر ملکی صحافیوں کی ایک ٹیم کو چیری کوٹ سیکٹر کا دورہ کرایا گیا جہاں ٹیم کے جملہ ارکان نے بھارت کی طرف سے کی گئی بین الاقوامی سرحد اور فائربندی کی خلاف ورزیوں کا بچشم خود مشاہدہ کیا۔ اس موقع پر ٹیم کو بتایا گیا کہ بھارت نے اپنی سرحد کے اندر تین حدوں پر مشتمل ایسی رکاوٹیں کھڑی کر رکھی ہیں اور دفاعی و مزاحمتی عسکری انتظامات کر رہے ہیں جن کے نتیجے میں پاکستان کی طرف سے کسی قسم کی انفرادی مداخلت ناممکن ہے۔ موقع پر موجود پاک فوج کی طرف سے ان صحافیوں کو بتایا گیا کہ 2015ء سے اب تک بھارت نے پاک سرحد اور لائن آف کنٹرول کی 11815 مرتبہ خلاف ورزی کی ہے۔ صرف گذشتہ ایک برس کے دوران 1697 مرتبہ ایسی ہی خلاف ورزیاں کی گئیں جن کے نتیجے میں 14 شہری شہید اور 135 شہری شدید زخمی ہوگئے۔ ٹیم کے ارکان کو تفصیل سے بتایا گیا کہ پاکستان کی طرف سے سرحدی خلاف ورزیوں کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی۔ یہ حقیقت بھی بیان کی گئی کہ مقبوضہ کشمیر میں 9 لاکھ

شال بقیہ 1

آبادیوں کو روڈ سے منسلک کرنے کے لئے لنک روڈ تعمیر کرنے اور روڈ پر سیاحتی مراکز اور ریسٹ ایریا کی تعمیر کا فیصلہ بھی کیا گیا، اجلاس کو وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل دکی چرائنگ روڈ، سبی تا کولو شاہراہ کو توسیع دیتے ہوئے بارکھان اور رکھنی سے منسلک کرنے، داماندین چاقی تا زیارت بالانوش شاہراہ، صوبائی پی ایس ڈی پی میں شامل 2.3 ارب روپے کی لاگت کے ژوب تا منزکی روڈ، 5.1 ارب روپے کی لاگت کے منسلم باغ تا بادینی روڈ، 1.1 ارب روپے کی لاگت کے قمر دین تا ملتانی روڈ کی تعمیر کے علاوہ تربت کو پسنی، مند، بنگور سمیت دیگر علاقوں سے منسلک کرنے کے مواصلاتی منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دی گئی، اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ رواں مالی سال کے صوبائی ترقیاتی پروگرام میں بڑی، درمیانی اور چھوٹی شاہراہوں اور سڑکوں کی تعمیر کے 411 منصوبے شامل ہیں جن میں سے 85 منصوبوں کی پی ڈی ڈبلیو پی سے منظوری ہو چکی ہے اور ان کا ٹینڈر پراسس جاری ہے جس کی تکمیل کے بعد ان منصوبوں پر عملدرآمد کا آغاز کر دیا جائے گا جبکہ 500 ملین روپے اور اس سے زائد تخمینہ کے منصوبوں پر ابتدائی کارروائی 15 ستمبر 2020ء تک مکمل کر کے ان پر بھی کام شروع کر دیا جائے گا۔

شال بقیہ 2

ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان ارباب طاہر ایڈووکیٹ اور اپوزیشن اراکین اسمبلی ملک نصیر شاہوانی، اختر حسین لانگو، احمد نواز بلوچ، نصر اللہ زیرے، عبدالواحد صدیقی، یونس عزیز زہری، نائس چیئرمین، صوبائی سیکرٹریز خزانہ، قانون اور وزیراعلیٰ اسپیشل ٹیم کے چیئرمین سجاد احمد بھٹہ و دیگر عدالت کے روبرو پیش ہوئے۔ سماعت شروع ہوئی تو چیئرمین وزیراعلیٰ اسپیشل ٹیم سجاد احمد بھٹہ نے عدالت کو بتایا کہ زیادہ تر منصوبوں کے پی سی ون نہیں ہے جس پر عدالت نے سجاد احمد بھٹہ کو ہدایت کی کہ وہ تمام پی ایس ڈی پی میں شامل اسکیمات کا جائزہ لیں کہ کوئی اسکیم تو پلاننگ کمیشن آف پاکستان کے گائیڈ لائنز اور سپریم کورٹ آف پاکستان، بلوچستان ہائی کورٹ کے احکامات کے برخلاف تو نہیں ہے جائزہ لینے کے بعد رپورٹ عدالت میں پیش کرے، سماعت کے دوران ساجد ترین ایڈووکیٹ نے عدالت کو بتایا کہ حکومت کی جانب سے ایرووڈ اور فنڈز ریلیز کئے بغیر جلدی میں اسکیمات کی ٹینڈرز اپنی غفلت چھپانے کی کوشش ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان کے اکنامک فنڈز سے 7 کروڑ روپے ریلیز کئے جا چکے ہیں۔

شال بقیہ 3

سیکرٹریٹ سمیت دیگر اہم سرکاری عمارتوں میں داخلے سے قبل سرکاری ملازمین اور شہریوں کے کورونا ٹیسٹ کو لازمی قرار دیا گیا کورونا ٹیسٹ کے بغیر کسی بھی شخص کو سول سیکرٹریٹ، ڈی جی ہیلتھ آفس سمیت دیگر اہم سرکاری دفاتر میں شہریوں کو کورونا ٹیسٹ کے بغیر داخل ہونے سے روک دیا گیا۔ محکمہ صحت حکومت بلوچستان نے سول سیکرٹریٹ، ڈی جی ہیلتھ آفس سمیت دیگر سرکاری دفاتر کے باہر محکمہ صحت کی ٹیمیں تعینات کر دی ہیں جو ہر آنے والے شہری کے کورونا ٹیسٹ کرنے کے بعد انہیں عمارتوں میں داخل ہونے کی اجازت دیتی ہیں۔

شال بقیہ 4

اضافہ ہوا تو سخت لاک ڈاؤن کی جانب جائیں گے، عیدالفطر پر شہریوں کی جانب سے ایس او پیز پر عمل درآمد نہ کرنے کی وجہ سے 70 فیصد کیسز بڑھے، اگر عوام تعاون نہیں کرتی تو مارکیٹس بند کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر سکتے ہیں ان ایام کے دوران جو بھی ایس او پیز کی خلاف ورزی کرتے گا تھانوں میں بند کریں گے، لیاقت شاہوانی نے کہا کہ 25 جولائی کو کل کیسز کا صرف 6 فیصد پازیٹو آئے، 26 جولائی کو 5.3 اور 27 جولائی کو 5.4 فیصد ٹیسٹ پازیٹو آئے، خوش قسمتی سے بلوچستان پہلا صوبہ ہو سکتا ہے جہاں کورونا کے کیسز ختم ہو جائیں، اس وقت بلوچستان میں 5.86 فیصد ریکوری ریٹ ہے، صوبے میں کیسز میں کا تناسب مارچ کے مہینے کی پوزیشن پر چلا گیا ہے اگر کیسز میں کمی رہی تو عید کے بعد تمام شعبوں کو کھول دیا جائے گا پورے ملک میں کورونا کیسیز میں کمی آئی ہیں صحتیاب افراد کی شرح اضافہ کے ساتھ 86 فیصد ہے جو خوش آئند ہے ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے والوں کیلئے وزیراعلیٰ نے اجلاس میں سخت احکامات جاری کیے ہیں انہوں نے کہا کہ کورونا سے صوبائی حکومت کے معیشت سمیت غریب عوام بہت متاثر ہوئی ہے صوبے میں بدعنوانی کے خاتمے کیلئے انسداد بدعنوانی ایکٹ میں ترمیم لائی جا رہی ہے وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم کی تشکیل بھی از سر نو ہو گی اور ٹیم کو خود مختار ادارہ بنایا جائے گا بلوچستان کو ترقی کی شاہراہ پر گامزن کرنے کیلئے سی پیک منصوبے پر عمل درآمد کیا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ بدعنوانی کے خاتمے کیلئے اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کو اسٹرونگ تشکیل دے رہے ہیں جبکہ بی ایم سی میں اسکیمات میں بدعنوانی اور وسائل کے ضیاع سے متعلق کیس اینٹی کرپشن کو بھیجا گیا ہے، ماضی میں کیسز بنتے تھے مگر اداروں میں استطاعت نہیں کہ وہ نتائج لا سکیں، مگر اب موجودہ حکومت اداروں میں اصلاحات لا رہے ہیں تاکہ کرپشن کے حوالے سے کیسز پر کام تیز ہو۔

شال بقیہ 5

یاسمین زئی نے کہا کہ اس بیماری پر قابو پانے کا پائیدار حل اپنے روایتی رویوں اور سوچ و اپروچ میں جدید انسانی ضرورتوں اور معاشرتی تقاضوں کے مطابق تبدیلی لانی سے مشروط ہے۔ موجودہ صورتحال میں اپنی آمدورفت کو محدود اور غیر ضروری رابطوں کو ختم کریں۔

شال بقیہ 6

لئے انہیں دور دراز کے اضلاع میں رہائش اور دیگر سہولتوں کی فراہمی ناگزیر ہے، افسران بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے تو عوامی مسائل بھی حل ہوں گے اور ضلعوں کی حالت بھی بہتر ہو سکے گی، وزیراعلیٰ نے کہا کہ انتظامی افسران میں اسسٹنٹ کمشنر پر امن وامان، ترقیاتی منصوبوں کی مانیٹرنگ، تجاوزات کے خاتمے اور پرائس کنٹرول کے حوالے سے سب سے زیادہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے جس کے لئے وہ جوابدہ بھی ہیں، وزیراعلیٰ نے واضح طور پر کہا کہ نئے تعینات ہونے والے اسسٹنٹ کمشنروں کو کارکردگی دکھانا ہوگی اور ان کے دو سالہ پروبیشن پیریڈ اور عرصہ تعیناتی کے دوران ان کی کارکردگی کا تجزیہ کیا جائے گا، وزیراعلیٰ نے ڈویژنل کمشنروں کو اپنے ڈویژن کے اضلاع، ڈپٹی کمشنروں کو اپنے ضلع کی تحصیلوں اور اسسٹنٹ کمشنروں کو اپنے حدود میں آنے والے علاقوں کا باقاعدگی اور تسلسل کے ساتھ دورہ کرنے، ترقیاتی امور کی نگرانی اور عوام کے مسائل سے آگاہی حاصل کر کے ان کے حل کے اقدامات کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی افسران کی کارکردگی کو باقاعدگی کے ساتھ مانیٹر کرنے کا میکنزم بنایا جائے گا۔

شال بقیہ 7

کمپیوٹر آپریٹر احمد جان اور اسسٹنٹ کمپیوٹر آپریٹر سید عبدالواحد شال ہیں معطل اہلکاروں کی جگہ نئے عملے کو ذمہ داریاں تفویض کر دی گئیں۔ ڈاکٹر شاکر بلوچ نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ معطل اہلکاروں نے کووڈ 19 کے دوران غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے متعین ذمہ داریاں نبھانے سے انکار کر دیا تھا۔ انہوں نے لیبارٹری میں کام کرنے والے رضاکاروں کی خدمات کو سراہا اور ان کو درپیش مسائل کو جلد از جلد حل کرنے کی یقین دہانی کروائی۔ ڈی جی ہیلتھ بلوچستان ڈاکٹر شاکر علی بلوچ نے کہا کہ بلوچستان سمیت پورے ملک میں غیر معمولی حالات ہیں طبی عملہ فرائض سے غفلت کا مرتکب ہوگا تو عوام کہاں جائیں گے طبی تاریخ کے فیصلہ کن دور سے گزر رہے ہیں شعبہ طب کے ہر فرد کا کڑا امتحان ہے سب کو اپنی اپنی ذمہ داری نبھانی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ طبی اسٹاف میں پاک فوج کے سپاہی کی مانند جذبہ شہادت ہونا چاہیے اسوقت طبی عملہ حالت جنگ میں ہے اور دشمن کے خلاف برسرپیکار ہے۔

شال بقیہ 8

ہو رشوت لیتے ہوئے ذرا سی بھی شرم و حیا کا احساس نہ ہو بدعنوانی ڈنڈے کے زور پر ہو پیسوں کیلئے راستہ بنانے کیلئے چاپلوسی، چندہ خوانی ہو جائے اخلاقی اقدار تباہ ہو جائیں معاشرتی روایات ختم ہو جائیں دیانتداری کو جرم سمجھا جائے، رحم کا باب بند ہو جائے اور بندوق کے زور پر پولیس کے ساتھ ملکر لوگوں کی زمینوں پر قبضے شروع ہوں سوشل میڈیا پر بلیک میلنگ کا سلسلہ عروج پر ہو حکومت خزانہ سے سرعام من پسند لوگوں کو نوازا جائے حکومت کی اکائی اپنے فرائض کو خاطر میں نہ لائے ہر ادارہ اپنی آئینی اور قانونی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کی بجائے مقتدر قوتوں کی رضامندی حاصل کرنے میں اپنی عافیت سمجھے تو ایسا معاشرہ تباہی سے نہیں بچ سکتا یہ دنیا کا عام اصول ہے کہ معاشرہ دنوں یا مہینوں میں نہیں بن سکتا اور نہ ہی دنوں یا مہینوں میں بگڑ سکتا ہے ستر سال تک حکمرانوں اور مقتدر قوتوں نے پاکستان کے عوامی معاشرہ کی فلاح کی طرف توجہ نہیں دی اور نہ ہی معاشرہ نے ملک و قوم کی حفاظت کی اپنی طرف سے کوشش کی لیکن طاقتوروں کے سامنے معاشرہ اتنا کھوکھلا اور اقدار سے عاری ہو جائے تو قوم سے محبت اور ماں دھرتی سے وفاداری کے تعین مسئلے پیدا ہو سکتے ہیں۔

شال بقیہ 9

کو پہاڑی دار اور بیرون شہر کلو دوروں کے لئے کئے گئے انتظامات کے بارے میں بریفنگ دی۔ بتایا گیا کہ تعمیراتی شعبے کے کھلنے بعد پناہ گاہ پر لوگوں کی تعداد میں اضافہ ہوا۔ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے پناہ گاہ میں موجود افراد سے بات چیت، ایم ڈی بیت المال کو بزرگ افراد کا خیال رکھنے کی ہدایت کی۔ صدر مملکت نے سیلانی ویلفیئر ٹرسٹ کی بے سہارا اور مزدوروں کو معیاری خوراک کی فراہمی تعریف کی۔ صدر مملکت عارف علوی نے کہا کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر غریب اور مستحق افراد کی امداد کرنا مذہبی و قومی فریضہ ہے، فلاحی تنظیمیں، سول سوسائٹی اور مخیر حضرات ان مشکل حالات میں معاشرے کے کمزور طبقات کا خیال رکھیں۔ صدر عارف علوی نے پناہ گاہ میں ایس او پیز پر عمل درآمد پر اطمینان کا اظہار کیا۔

شال بقیہ 10

حکومت آئین کے آرٹیکل 140 اے پر اس کی روح کے مطابق مکمل عمل درآمد کی حامی ہے۔ منگل کو انہوں نے اٹارنی جنرل کو ہدایت کی کہ آرٹیکل 140 اے کے تحت سپریم کورٹ آف پاکستان میں دائر شدہ پٹیشن کی جلد سماعت اور فیصلے کے لئے عدالت عظمیٰ سے فوری طور پر استدعا کی جائے۔

شال بقیہ 11

متاثرہ افراد کی تعداد 11654 ہوگئی جبکہ 57 افراد کے صحت یاب ہونے کے بعد اب تک صحت یاب ہونے والوں کی تعداد 10080 ہوگئی جبکہ اب تک صوبے میں کورونا وائرس سے 136 اموات ہو چکی ہیں، رپورٹ کے مطابق منگل کو صوبے میں 1302 افراد کے ٹیسٹ کئے گئے جبکہ 413 کے نتائج آنے باقی ہیں۔

شال بقیہ 12

ہوٹل میں اور بعد ازاں ماڈل ٹاؤن میں مسلم لیگ (ن) کے صدر و قائد حزب اختلاف محمد شہباز شریف سے بھی ملاقات کی۔ اس موقع پر قمر زمان کائرہ، چوہدری منظور، احسن اقبال، سردار ایاز صادق، خواجہ سعد رفیق، مریم اورنگزیب، مولانا امجد خان، حاجی منظور آفریدی اور بلال میر بھی موجود تھے۔ ملاقات میں عیدالاضحیٰ کے بعد رہبر کمیٹی کے اجلاس، اے پی سی کے انعقاد، نیب قانون میں ترمیم اور ملک کی موجودہ معاشی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ رہنماؤں نے رہبر کمیٹی کے اجلاس اور اے پی سی کو نتیجہ خیز بنانے کے لئے رابطوں پر بھی اتفاق کیا۔ ذرائع کے مطابق مولانا فضل الرحمان نے بلاول بھٹو زرداری کو مسلم لیگ (ن) کے صدر و قائد حزب اختلاف محمد شہباز شریف سے ہونے والی ملاقات اور اس میں زیر بحث آنے والے نکات بارے بھی آگاہ کیا۔ حکمرانوں کے پچاس لاکھ گھروں اور ایک کروڑ نوکریوں کے دعوے کہاں گئے؟، آج لاکھوں لوگ بیروزگار ہو گئے ہیں۔ 2018ء میں جی ڈی پی گروتھ 8.5 تھی جبکہ موجودہ حکومت نے پہلے اپنی گروتھ 3.3 بتائی لیکن پھر انہیں حقیقت بتانی پڑی کہ یہ 9.1 پر آ چکی ہے۔

شال بقیہ 13

ملک سکندر، ایم پی اے احمد نواز، ایم پی اے نصر اللہ زائرہ، ایم پی اے نائس چیئرمین بھی موجود تھے۔ عدالت نے 2020-2021 پی ایس ڈی پی میں شامل 1436 اسکیمات جن کی پی سی ون اپروڈ پر کام بند کرنے کے احکامات جاری کر دیے۔ تاہم تکنیکی کمیٹی اپنی رپورٹ جمع نہیں کرائی اپوزیشن کے رکن نصر اللہ زیرے بزنجو نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ عدالت نے مذکورہ اسکیمات جن کی پی سی ون اپروڈ نہیں ہیں پر کام بند کرنے کا حکم دے چکی ہے انہوں نے کہا کہ عدالت عظمیٰ کے احکامات کی روشنی میں کسی کے لیے خصوصی فنڈ مختص نہیں۔ کمیٹی نے ہدایت کی تھی کہ اپوزیشن ملک سکندر ملک نصیر شامل ہوتے، بھٹہ نے بتایا کہ اجلاس رکھا تھا جس میں اپوزیشن آئے تھے لیکن حکومت ظہور اور زمرک نہیں آئے تھے جسکی وجہ سے جائزہ لیا ہے کچھ چیزوں کا جائزہ لیا تھا پی ایس ڈی پی میں ایسی اسکیمات تھیں جنکے کوائف مکمل نہیں، جائزہ لیں تکنیکی پلاننگ کمیشن رولز کے مطابق ہوں، اخبار پیش کیا پی ایس ڈی پی فنڈ ہو گئے اسٹیل فنڈ پر اعتراض کیا تھا کوئی فنڈ ریلیز نہیں ہوگا، خصوصی فنڈ بھی روک دیا۔

شال بقیہ 14

کرتے ہوئے کہا کہ پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، طلباء، ہمارے ملک کا روشن مستقبل ہیں، طلباء محنت کو اپنا شعار بنائیں، ہمارے پیغمبر نے علم حاصل کرنے کو فرض قرار دیا ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ تعلیم کے بغیر معاشرہ ترقی نہیں کر سکتا، مسلمانوں نے تلوار کی وجہ نہیں بلکہ علم کی وجہ ترقی کی، حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ طبقاتی نظام تعلیم کو ختم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مساوی تعلیم سے طلباء اعلیٰ عہدوں پر فائز ہو سکیں گے، پاکستان کو ترقی کرنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔ انہوں نے کہا کہ طلباء اللہ پر ایمان اور محنت پر یقین رکھیں، انسان جو سوچ سکتا ہے وہ ممکن ہو سکتا ہے۔ اسد قیصر نے کہا کہ محنت کر کے آپ بڑے آدمی بن سکتے ہیں، بڑے عہدے اس لیے ملتے ہیں کہ آپ اللہ کی مخلوق کی خدمت کریں۔ انہوں نے کہا کہ خدمت کرنے والے کو صدیوں یاد رکھا جاتا ہے، بڑے عہدے سے کام لینا اصل مقصد ہونا چاہیے۔ اسد قیصر نے کہا کہ محنت سے آپ بھی ملک کے وزیراعظم اور قدیر خان بن سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے فکر ملک کی ترقی اور خوشحالی کے لیے کام کرنا ہے، ملک میں اب اچھا وقت آنے والا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا ملک ہر چیز سے مالا مال ہے، کورونا کی وجہ سے چیلنجز آئے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ سمارٹ لاک ڈاؤن میں پر تنقید کی گئی، آج پوری دنیا پالیسی کو سراہ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کورونا کی وجہ سے چین اور انڈیا میں تباہی ہوئی، اللہ کا شکر ہے کل پنجاب میں کورونا سے کوئی موت واقع نہیں ہوئی، عید پر شہری احتیاط کریں۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ سال سے یکساں تعلیمی نصاب رائج کیا جائے گا، ملک میں مدرسوں کا اہم کردار ہے، طلباء خوش فہمی اور غلط فہمی کا شکار نہ ہو، مدارس کو احترام اور قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ اسد قیصر نے کہا کہ مدارس میں بھی متفقہ اصلاحات نافذ کریں گے، مدارس کو مین سٹریم میں لائیں گے، طلباء کی ترقی ان کے دین میں ہے۔

شال بقیہ 15

اسمبلی رکن بن سکتا ہے، قانون کہتا ہے سزا یافتہ عوامی عہدہ رکھنے والا دس سال نااہل ہوتا ہے، چیئرمین نیب ڈپٹی پراسیکیوٹر کی مدت ملازمت میں توسیع کا کوئی ارادہ نہ تھا نہ ہے، ایس ایچ او بکری چوری پر گرفتاری کر سکتا ہے مگر کروڑوں کی کرپشن پر نیب گرفتار نہیں کر سکتا، نیب قانون دس سال آپ کی دو حکومتوں اور ہماری حکومت میں زیر بحث رہا اب دس گھنٹوں میں کیسے اتفاق ہو جائے گا، ہم اپوزیشن کی پینتیس ترامیم مان لیتے ہیں تو ایف اے ٹی ایف سے ملنے والی سہولت نہیں لے پائیں گے، وزیراعظم نے صاف کہہ دیا ہے کرپشن پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، اپوزیشن عمران خان اور حکومت کے لئے نہیں پاکستان کے لئے لچک پیدا کرے، حکومت کا موقف سن کر اپوزیشن ارکان چلے گئے، ہم راستہ نکالنے کو تیار ہیں۔ منگل کو قومی اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ ایوان جانتا ہے کہ پاکستان خلاف کی گرے لسٹ میں آ چکا ہے، پی ٹی آئی کی حکومت آنے سے پہلے پاکستان گرے لسٹ میں گیا ہوا تھا، یہ ناکامیوں کی ایک طویل داستان ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت پاکستان کو گرے سے بلک لسٹ میں دھکیلنا چاہتا تھا، جہاں گیا وہاں بھارت کا سامنا ہوا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت پاکستان کو بلیک لسٹ اور پاکستان گرے لسٹ سے باہر آنے کو کوشش کرتا تھا، عمران خان کی حکومت نے اپنی سفارتکاری سے ان کا راستہ بند کیا، پاکستان کی کوششوں کو خلاف نے سراہا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت پاکستان کو بلیک لسٹ کروانے کیلئے سازش کر رہا ہے تاکہ پاکستان کی معیشت تباہ ہو جائے، پاکستان کی برآمدات ختم ہو جائیں، پاکستان پر سخت ترین پابندیاں عائد کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے سفارتکاری نے اپنے ووٹ اور اصلاحات کے حوالے سے اقدامات کئے۔

شال بقیہ 16

تجارت نے یہ بات یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) کے سرپرست اعلیٰ اور فریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی پاکستان کے سابق چیف ایگزیکٹو ایس ایم منیر اور سارک چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر افتخار علی ملک کی قیادت میں تجارتی وفد سے ملاقات میں کہی۔ اس موقع پر سیکریٹری تجارت صالح فاروقی، ایڈیشنل سیکریٹری تجارت، ایف پی سی سی آئی کے سابق صدور زبیر طفیل، عبدالرؤف عالم، خالد ثواب، سہیل الطاف، ظفر بختاوری، ملک سہیل حسین بھی موجود تھے۔ عبدالرزاق داؤد نے کہا کہ تاجروں اور صنعت کاروں کی نمائندہ تنظیم ایف پی سی سی آئی اور چند ٹریڈ باڈیز کی جانب سے کورونا وائرس کی آڑ میں اپنے عہدے کی میعاد ایک سال کی بجائے دو سال کرانے کیلئے کوششیں کی گئیں لیکن انہیں واضح طور پر انکار کر دیا گیا ہے کہ ہم قانون کے برخلاف کوئی کام نہیں کریں گے۔ انہوں نے تجارتی وفد کی جانب سے کئے گئے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ تمام ٹریڈ باڈیز میں انتخابات مقررہ وقت پر ہی منعقد ہونگے کیونکہ ٹریڈ باڈیز آرڈیننس کے مطابق عہدیداران کی میعاد ایک سال ہے۔ اس موقع پر ایس ایم منیر نے کہا کہ ملک میں کورونا وائرس کی روک تھام کیلئے وزیراعظم عمران خان اور انکی ٹیم موثر انداز میں کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔

شال بقیہ 17

چیلنجز درپیش ہیں، حکومت اور عوام مل کر پوری ذمہ داری کے ساتھ ان چیلنجز سے نمٹنا چاہیے، عوام مویشی منڈیوں میں غیر ضروری طور پر نہ جائیں۔ منگل کو قوم کے لیے خصوصی پیغام میں انہوں نے کہا کہ ہماری توجہ اس بات پر ہونی چاہیے کہ ملک میں اگر بیماری کا پھیلاؤ کم ہوا ہے تو اسے مزید کم کیا جائے۔ معاون خصوصی نے کہا کہ دنیا کے دیگر ممالک کے تجربات ہمارے سامنے ہیں جس میں ایک مرتبہ کورونا وائرس کے کیسز میں کمی کے بعد وہاں نے دوبارہ سر اٹھایا اور پہلے کے مقابلے میں زیادہ کیسز اور اموات سامنے آئیں چنانچہ اس سلسلے میں کوئی بھی قبل از وقت فیصلہ نہیں کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو عید اور محرم کی صورت میں بہت بڑے چیلنجز درپیش ہیں، اس لیے ضروری ہے کہ حکومت اور عوام مل کر پوری ذمہ داری کے ساتھ ان چیلنجز سے نمٹیں۔ معاون خصوصی برائے صحت نے ایک مرتبہ پھر لوگوں کو 5 چیزوں پر لازمی عملدرآمد کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ گھر سے باہر نکلتے ہوئے ماسک پہنیں، دوسروں کے ساتھ کم از کم 2 میٹر کا فاصلہ برقرار رکھیں، اپنی صفائی ستھرائی کا خیال رکھیں بالخصوص ہاتھ بار بار دھوئیں، بزرگوں کا خیال رکھیں کیوں کہ انہیں اس وائرس سے زیادہ خطرہ ہے، پہلے سے بیمار افراد کا بھی خاص خیال رکھیں، بیماروں، بزرگوں اور بچوں کو گھروں سے باہر نکلنے سے روکا جائے۔

شال بقیہ 18

اور یو کرامین کے مشترکہ تعاون سے تیار کیا گیا ہے۔ تقریب میں الفالدون ٹیک کی صلاحیتوں کا عملی مظاہرہ بھی کیا گیا جن میں پانی ایکسٹرکشن کنٹرول، تیز رفتاری، دشوار راستوں کو عبور کرنا اور سموک سکرین کا استعمال شامل تھا، الفالدون ٹیک ان فارمیشنز کے حوالے کیا جا چکا ہے جن کا جنگ میں فیصلہ کن کردار ہوتا ہے، اس موقع پر چیئرمین ایچ آئی ٹی میجر جنرل سید عامر رضا نے جاری منصوبوں پر روشنی ڈالی جس پر آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے ایچ آئی ٹی کی دفاعی مصنوعات اور صلاحیتوں پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا کہ ایچ آئی ٹی خود انحصاری کے حصول میں گرانقدر خدمات انجام دے رہا ہے، ایچ آئی ٹی عالمی معیاری دفاعی مصنوعات تیار کر رہا ہے۔ آرمی چیف نے پاک فوج کی دفاعی اور فوجی وابستہ تیاریوں کے حوالے سے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ ہماری دفاعی تیاریاں ہر صورت امن کو یقین بنانے کیلئے ہیں، تاہم اگر کسی نے جارحیت مسلط کی تو پوری قوت سے جواب دیں گے۔

شال بقیہ 19

امریکہ میں کورونا سے متاثرہ افراد کی کل تعداد 42 لاکھ 86 ہزار 663 ہوگئی ہے۔ امریکہ میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا سے مزید 679 ہلاکتیں ہوئی ہیں جس کے بعد اس وبا سے مرنے والوں کی تعداد ایک لاکھ 47 ہزار 588 ہوگئی ہے۔ کورونا وائرس کے بڑھتے کیسز کو روکنے کے لیے یورپی حکومتوں کو بہت زیادہ مشکلات کا سامنا ہے کیونکہ وہ کورونا سے بری طرح متاثر معیشت کو سہارا دینے کے لیے سیاحت کی صنعت کو کھولنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ چین کی سیاحت کی صنعت کو تازہ دھچکا اس وقت لگا جب ایک اہم تور آپریٹر نے برطانیہ سے چین کے لیے فلائٹس منسوخ کیں۔ یہ اقدام برطانیہ کی جانب سے چین سے واپس آنے والوں کو لازمی قرنطینہ کرنے کے فیصلے کے بعد کیا گیا ہے۔ ادھر ہانگ کانگ میں حکام نے کورونا کے بڑھتے کیسز کے پیش نظر پبلک مقامات پر ماسک پہننا لازمی قرار دے دیا۔ تاہم نے کورونا کے کیسز میں 'تشویشناک' اضافے کے بعد ملک میں سماجی فاصلے کے ضوابط کو مزید سخت کر دیا ہے۔ ادھر واشنگٹن میں وائٹ ہاؤس کے اعلامیے کے مطابق امریکی انتظامیہ کے اہم رکن مینشل سیکورٹی ایڈوائزر رابرٹ اوبرائن بھی کورونا کے شکار ہو گئے۔

شال بقیہ 20

پٹرولیم مصنوعات کی تحت پر دو تحقیقاتی رپورٹس میں وجوہات مکمل طور پر سامنے نہیں آئیں۔ اجلاس میں میڈیا ہاؤسز کے واجبات کی ادائیگی پر بریفنگ دی گئی۔ ذرائع کے مطابق ملک میں یورو فائیو معیار کا پٹرول اور ڈیزل متعارف کروانے کی اصولی منظوری دی گئی۔ ذرائع کے مطابق یورو فائیو معیار کے پٹرول اور ڈیزل کی قیمت اور دیگر معاملات پر کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی سفارشات کابینہ کیلئے تیار کرے گی۔ ذرائع کے مطابق کورونا پھیلنے کے باعث ملکی معیشت کو نقصان پر بریفنگ دی گئی، کابینہ ارکان کو عید سے پہلے مارکیٹوں کی بندش کے بارے میں اعتماد میں لیا گیا۔ کابینہ کو بتایا گیا کہ اس وقت کورونا کا پھیلاؤ روکنا ہم سب کی پہلی ذمہ داری ہونی چاہئے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ تدبر، احتیاط اور شہریوں سے تعاون سے کورونا کیسز میں کمی آئی ہے، کورونا کے حوالے سے کچھ دن مزید احتیاط کرنے سے سب محفوظ ہو جائیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ کورونا کے حوالے صورتحال بہتر ہونے پر کئی طرح کے دوبارہ کاروبار کھول دی ہے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے کابینہ ارکان کو کورونا سے متعلق ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت دیدی۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ عیدالاضحیٰ اور محرم الحرام تک حفاظتی تدابیر اختیار کی جائیں، عیدالاضحیٰ کے دنوں رش کے باعث شہری گھر سے باہر ماسک کا استعمال کریں۔

شال بقیہ 21

بی آر اعلامیہ کے مطابق محمد حفیظ کو 8 کروڑ 60 چھپانے پر وضاحت کے لیے متعدد بار مہلت دی۔ محمد حفیظ کی جانب سے تسلی بخش جواب نہ دینے پر ٹیکس عائد کیا گیا۔ ایف بی آر اعلامیہ کے مطابق کرکٹر محمد حفیظ ٹیکس ادائیگی کی بجائے اپیل میں چلے گئے ہیں۔ محمد حفیظ کی اپیل کے فیصلے کے بعد ریکوری کی جائے گی۔

شال بقیہ 22

ایسے خود ساختہ اقدامات سے حکومتی رٹ کو براہ راست چیلنج کیا جا رہا ہے جبکہ ضروریات زندگی کی ہر شے کے مہنگے ہونے سے متوسط اور غریب طبقہ عید کی خوشیوں سے محروم ہوگا انہوں نے کہا کہ کورونا وائرس کی وجہ سے جاری لاک ڈاؤن کی وجہ سے پہلے ہی عوام کی قوت خرید نہ ہونے کے برابر ہے ایسے میں پیٹرولیم مصنوعات کو مہنگا کر کے مزید مہنگائی کی لہر کو فروغ دیا گیا اور اب عید سے قبل ہر چیز دگنے داموں فروخت کرنے سے عوام پریشانی کا شکار ہے اور انکا کوئی پرسان حال نہیں، انہوں نے کہا کہ اگر یہی صورتحال جاری رہی تو غریب اور متوسط طبقہ خودکشی کرنے پر مجبور ہوگا حکومت کو چاہیے کہ وہ مہنگائی کی روک تھام اور اشیاء کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لئے فوری طور پر اقدامات کرے۔

شال بقیہ 23

مقدمات کا سامنا کر رہے ہیں ان کو از خود نیشنل سے علیحدہ ہو جانا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمان کی عزت کا خیال کریں۔

شال بقیہ 24

متان درانی عبدالولی سالار و دیگر نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاک افغان بارڈر کی بندش کو پشتون عوام کا معاشی قتل عام سمجھتے ہیں چمن بارڈر کو باقی بارڈر کی طرح جلد کھولا جائے ریلی کے شرکا نے حکومت کے خلاف بھی شدید نعرے بازی کی انہوں نے کہا کہ پاک افغان بارڈر کے کھولنے تک احتجاج جاری رہے گا سینکڑوں افراد نے ریلی میں شرکت کی مقررین نے مزید کہا کہ پاک افغان بارڈر سے لاکھوں افراد کا روزگار وابستہ ہے حکومت کو اپنے عوام کے بارے میں سوچنا ہوگا انہوں نے کہا کہ کوئٹہ چمن شاہراہ پر غیر ضروری چیک پوسٹوں کو ختم کیا جائے ان چیک پوسٹوں پر چیکنگ کے نام پر عوام کو بے عزت کیا جاتا ہے دھرنے کی وجہ سے ڈپٹی کمشنر آفس کے سامنے شاہراہ بلاک ہونے سے عام عوام کو مشکلات کا سامنا رہا ڈپٹی کمشنر آفس کے سامنے احتجاج ریکارڈ کرانے بعد مظاہرین نے ایف سی ہیڈ کوارٹر کے سامنے بھی پاک افغان بارڈر کی بندش کے خلاف احتجاج کیا ایف سی ہیڈ کوارٹر کے سامنے احتجاج ریکارڈ کراتے وقت ایف سی چمن سکاؤٹس کی جانب سے کرنل سلمان اور دھرنا ممبران کے مابین کامیاب مذاکرات ہوئے جس میں ایف سی میں گرفتار مسافروں کی رہائی اور دونوں طرف پھنسے مسافروں کے آنے جانے پر اتفاق کیا گیا۔

شال بقیہ 25

اور شاپنگ سینٹر کھولے جائے تاکہ تاجروں کے کاروباری نقصانات کم ہوں کیونکہ چھوٹے عید اور رمضان میں تاجروں کو کروڑوں روپوں کا نقصانات ہوئے جس سے چھوٹے کاروباری بہت متاثر ہوئے ہیں حکومت بلوچستان کو چاہیے بڑی عید کے موقع پر ٹائمنگ صبح 9 بجے سے رات 12 بجے تک کرے اور جمعہ کو نماز جمعہ کے لیے پورا ٹائم دیا تاکہ تاجر اپنا کاروبار کر سکی

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل سے عوام کو سہولیات میسر آئیں گی، صالح محمد ناصر

سیکرٹری لوکل گورنمنٹ ترقیاتی اسکیموں میں شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا

اجلاس میں ڈی جی لوکل گورنمنٹ ظفر عزیز زہری، ڈائریکٹر ٹیکنیکل اختر بلوچ، فنانس پی اینڈ ڈی اور دیگر محکموں کے آفیسران نے شرکت کی

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے صوبائی وزیر میر عمر خان جمالی ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) سیکرٹری بلدیات و دیہی ترقی صالح محمد ناصر نے کہا ہے کہ جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل سے عوام کو سہولیات میسر آئیں گی۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ ترقیاتی اسکیموں میں شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے پی ایس ڈی پی 2021-2020ء کے حوالے سے منعقدہ ڈی ایس سی میٹنگ کے اجلاس کی صدارت کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈی جی لوکل گورنمنٹ ظفر عزیز زہری، ڈائریکٹر ٹیکنیکل اختر بلوچ، فنانس پی اینڈ ڈی اور دیگر محکموں کے آفیسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر سیکرٹری لوکل گورنمنٹ نے کہا کہ ترقیاتی اسکیمات عوام کی امانت ہے اس کی شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ سیکرٹری بلدیات و دیہی ترقی صالح محمد ناصر نے کہا ہے کہ جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل سے بقیہ نمبر35 صفحہ3 پر

ڈپٹی کمشنر کی قربان علی کھوسہ کا ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک کے آفس کا دورہ

دکی (آن لائن) ڈپٹی کمشنر دکی قربان علی کھوسہ نے ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک کے آفس کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی ڈائریکٹر اور دی ایس اوز حاضر پائے گئے۔ دورے کے دوران لیبارٹری سہولیات کی عدم فراہمی بقیہ نمبر48 صفحہ3 پر

واقعہ کربلا ہمیں ظلم اور ناانصافی کے خلاف کلمہ حق کہنے کا درس دیتا ہے، رزاق خان خجک

مظلوم کربلا نواسہ رسول کریم نے اپنی اور اپنے پیاروں کی قربانی دیکر اسلام کو سربلند کیا

ماہ محرم الحرام میں ہمیں مذہبی رواداری، امن اور بھائی چارے کی فضا کو قائم رکھنا ہوگا، ڈپٹی کمشنر جعفر آباد

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد رزاق خان خجک نے کہا ہے کہ واقعہ کربلا ہمیں ظلم اور ناانصافی کے خلاف کلمہ حق کہنے کا درس دیتا ہے مظلوم کربلا نواسہ رسول کریم نے اپنی اور اپنے پیاروں کی قربانی دیکر اسلام کو سربلند کیا ماہ محرم الحرام میں ہمیں مذہبی رواداری، امن اور بھائی چارے کی فضا کو قائم رکھنا ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں محرم الحرام کے سلسلے میں اپنی زیر صدارت ایک اعلیٰ انٹی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر بلال شبیر ناظم صحت ڈاکٹر قدرت اللہ بقیہ نمبر49 صفحہ3 پر

یونیورسٹی سکینڈل کی وجہ سے طلبا و طالبات اور والدین بے چینی کی شکار ہے، عبدالرحیم صبا

جب تک بلوچستان یونیورسٹی سکینڈل کے اصل مجرموں کو سزا نہ دیا جائے اس وقت تک بے چینی پائی جائیگی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت طلبا اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی صدر عبدالرحیم صبا مرکزی جنرل سیکرٹری عباس لطیف یوسفزئی محمد لبیب فضل الرحمان رحمانی عزیز اللہ ذاکری شیراز اللہ عبدالصمد نصیب سائل و دیگر نے اپنے ایک اخباری بیان میں کہا کہ آج سے ایک سال قبل صوبے کے واحد تاریخی یونیورسٹی میں بلوچستانی بیٹیوں کی عزت و ناموس پر حملے کی کیس کا ایک سال بعد سماعت میں صرف دو عام ملازمین کو سزا دینا پشتون بلوچ اقوام کیساتھ مذاق سمجھتے ہیں۔ بلوچستان یونیورسٹی سکینڈل کے بقیہ نمبر40 صفحہ3 پر

ڈسٹرکٹ کچھی بولان کے اساتذہ کے خلاف انتقامی کاروائیاں ناقابل برداشت ہیں، نورجان شان رند

اساتذہ کو ناجائز تنگ کرنے والے کیخلاف ڈٹ کر مقابلہ کرینگے، قائمقام صدر گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن

بھاگ (آن لائن) ڈسٹرکٹ کچھی بولان کے اساتذہ کے خلاف انتقامی کاروائیاں ناقابل برداشت ہیں اساتذہ کو ناجائز تنگ کرنے والے کیخلاف ڈٹ کر مقابلہ کرینگے ذاتی عناد کے بنا پر اساتذہ کیخلاف کاروائی کرنے والوں کو کسی بھی صورت میں برداشت نہیں کرینگے حاضر باش اساتذہ کی تنخواہوں کی بندش سمجھ سے بالاتر ہے ضلع بولان کچھی میں محکمہ تعلیم میں کرپشن عروج پر ہے اور ضلع کچھی کرپشن بقیہ نمبر41 صفحہ3 پر

صاحب استطاعت مسلمان قربانی میں بھرپور حصہ لیا جائے، مولانا قاری مہر اللہ

فلسفہ قربانی کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا انبیائے عظیم السلام کی قربانیوں کا جذبہ ایک عالمگیر حیثیت کا حامل ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ، جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی، ضلعی سرپرست مولانا عبدالرحیم، سرپرست دوئم مولانا سراج الدین، نائب امیر مولانا نیاز محمد، نائب امیر حاجی داد محمد، مولانا اللہ بخش، مولانا خدائے نظر، حافظ عبیداللہ، ضلعی کنوینر مولانا محمد ابراہیم، ڈپٹی کنوینر مولوی رحمت اللہ حقانی، تحصیل کیلاک امیر مفتی رحمت اللہ، معاون کنوینر مولانا خیر محمد، معاون کنوینر مولوی بقیہ نمبر46 صفحہ3 پر

کورونا وائرس سے بچنے کے لیے لوگوں کو فاصلہ رکھیں، عبدالصمد خان

عبدالرحمان زئی (آن لائن) عبدالصمد خان نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوا کہا کہ کورونا وائرس سے بچنے کے لیے لوگوں کو فاصلہ رکھیں زیادہ رش اور کھڑ والی جگہوں پر جانا سے ترک کریں صابن اور سینیٹائزر کا استعمال کریں اپنے اور اپنے خاندان کی حفاظت بقیہ نمبر47 صفحہ3 پر

کسی بھی امیدوار کا حق تلفی نہیں کی جائے گی، کمشنر ژوب ڈویژن

حقدار امیدواروں کو جائے تعیناتی پر لگایا جائے گا، سہیل الرحمن بلوچ

لورالائی (خ ن) کمشنر ژوب ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ سی آر سی کے حوالے سے ضلع موسیٰ خیل اور بارکھان ایجوکیشن کے کلاس فور کے امیدوارن کے شکایات سنتے ہوئے کہا کہ کسی بھی امیدوار کا حق تلفی نہیں کی جائے گی۔ حقدار امیدواروں کو جائے تعیناتی پر لگایا جائے گا۔ ان خیالات بقیہ نمبر50 صفحہ3 پر

معاشرے کے اصلاح کے لئے علمائے کرام کی روشن کردار کسی سے پوشیدہ نہیں، مولانا محمد طاہر توحیدی

علمائے کرام معاشرے کو عریانی و فحاشی سے آلودہ نہیں ہونے دینگے، جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ نجم المدارس یونٹ کلی چلتن، رئیسانی کے امیر مولانا محمد طاہر توحیدی جنرل سیکرٹری مولانا راز محمد حسنی نائب امیر مولانا عبدالمنان سعادت نائب امیر سوئم مولانا عبدالباقی نائب امیر چہارم مولانا عبدالنافع سرپرست اعلیٰ مولانا محمد صادق حاجی محمد بقیہ نمبر51 صفحہ3 پر

گوادر چیف سیکرٹری بلوچستان فضیل اصغر کو سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نورالامین مینگل جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت پر بریفنگ دے رہے ہیں

نوتال ٹوگندواہ روڈ پر نصیر آباد کے ایریا میں آئے روز بدامنی کے واقعات تشویشناک ہیں

کمشنر نصیر آباد ڈویژن اور ڈی آئی جی نصیر آباد رینج شہاب عظیم لہڑی روڈ پر امن و امان کی صورتحال بہتر کرنے میں اپنا کردار ادا کریں

گندواہ (ناصر نگار) تفصیلات کے مطابق: بلوچستان عوامی پارٹی ضلع جھل مگسی کے جنرل سیکرٹری میر محمد اعظم خان مگسی نے اپنے بیان میں نوتال ٹوگندواہ روڈ پر نصیر آباد کی حدود میں آئے روز چوری کے واقعات رونما ہونے اور امن و امان کی خراب صورتحال پر انتہائی تشویش کا اظہار کیا ہے اور کہا کے اس ایریا میں چوروں کے ہاتھوں کوئی بھی طبقہ محفوظ نہیں اور سفید پوش عزت دار لوگوں کے لئے اس روڈ پر سفر کرنا مشکل ہوتا جا رہا ہے انہوں نے کمشنر نصیر آباد ڈویژن اور ڈی آئی جی نصیر آباد رینج شہاب عظیم لہڑی بقیہ نمبر54 صفحہ3 پر

جدید تحقیق و تجربات کو بہتر تعلیمی استعدادات اور شعبہ جات کی بہتری کے لئے بروئے کار لانا چاہیے، ڈاکٹر شفیق الرحمن

اور وہی موضوعات منتخب کرنا چاہیے جس سے بہتر نتائج حاصل کئے جاسکیں، وائس چانسلر

کوئٹہ (این این آئی) جامعہ بلوچستان کے بورڈ آف ایڈوانس اسٹڈیز اینڈ ریسرچ کا 146 واں اجلاس زیر صدارت جامعہ کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شفیق الرحمان منعقد ہوا۔ جس میں جامعہ کے پرو وائس چانسلر ڈاکٹر سعدو تاج، ڈین فیکلٹیز ڈاکٹر محمد انور پالیجزی، ڈاکٹر محمد طارق ملک، ڈاکٹر محمد عالم مینگل، ڈاکٹر دین محمد کاکڑ، ڈاکٹر صوبیہ رمضان، ڈاکٹر سعیدہ مینگل سمیت بورڈ کے دیگر اراکین نے شرکت بقیہ نمبر58 صفحہ3 پر

پاکستان تحریک انصاف کی حکومت عرف تبدیلی سرکار نے عوام پر مہنگائی کے پہاڑ توڑ دیئے، سید اقبال شاہ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے جنرل سیکرٹری سید اقبال شاہ نے حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت عرف تبدیلی سرکار نے عوام پر مہنگائی کے پہاڑ توڑ دیئے، چینی فی کلو 95 روپے تک بیچی گئی ہے، حکمران عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے، چینی کے بعد دوسرے چیزوں کی قیمتوں میں بھی اضافے کی تیاری کی جارہی ہے، تبدیلی کے دعوے کرنے والوں نے مہنگائی کے ستائے عوام کے منہ سے نوالہ چھین لیا ہے۔

24 نیوز کے رپورٹر سینئر صحافی یاسر شورو کے دفتر اور گھر پر مسلح افراد کا حملہ، یاسر شورو محفوظ رہے

خیرپور ناتھن شاہ (ناصر نگار) 24 نیوز کے رپورٹر سینئر صحافی یاسر شورو کے دفتر اور گھر پر مسلح افراد کا حملہ، یاسر شورو محفوظ رہے، واقعے خلاف خیرپور ناتھن شاہ میں صحافی برادری کا فیاض جعفری کی قیادت میں احتجاجی مظاہرہ تفصیلات بقیہ نمبر52 صفحہ3 پر

تحصیل گنداواہ میں بدامنی اور لوٹ مار سے عوام پریشان

جھل مگسی (نمائندہ خصوصی) تحصیل گنداواہ میں بدامنی اور لوٹ مار سے عوام پریشان۔ میر شعیب لاشاری بلوچستان نیشنل پارٹی جھل مگسی کے سینئر رہنما میر شعیب جان لاشاری نثار احمد لاشاری میر امان اللہ لاشاری۔ عمران بقیہ نمبر55 صفحہ3 پر

پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کو ختم کسی صورت قابل قبول نہیں، جہانزیب جمالدینی

حکومت وقت کا مقصد ہی بلوچستان کے اخبارات و چینلز کو بند کرنا ہے

باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت آئے روز اخباری صنعت کیلئے مشکلات کھڑی کی جارہی ہیں، مرکزی سیکرٹری جنرل بی این پی

اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی نے بلوچی زبان کے چینل کے آف ایئر ہونے، بلوچستان کے اخبارات کے اشتہارات کو کم کر کے دیوار سے لگانے کی کوشش پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت وقت کا مقصد ہی بلوچستان کے اخبارات و چینلز کو بند کرنا ہے جس کیلئے باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت آئے روز اخباری صنعت کیلئے مشکلات کھڑی کی جا رہی ہیں تاکہ بلوچستان بقیہ نمبر37 صفحہ3 پر

وائس چانسلر بیوٹمز احمد فاروق بازئی بیوٹمز کے 34 ویں سینڈیکیٹ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جمعیت طلباء اسلام طلباء کے حقوق کی محافظ تنظیم ہے، حافظ حبیب اللہ

نوجوان وقت ضائع نہ کریں اپنے قیمتی اوقات کتاب کو دیکر اپنا مستقبل خود سنوارے، محی الدین

پشین (پ ر) جمعیت طلباء اسلام ضلع پشین کابینہ کا اجلاس محمد دین کاکوئی الجمعیت ہاؤس گلی نمبر ون میں منعقد ہوا جس میں جمعیت طلباء اسلام ضلع پشین صدر حافظ حبیب اللہ صاحب جنرل سیکرٹری محی الدین حافظ احسان اللہ اکرام الدین صاحبزادہ محمد یوسف نعمانی عطاء اللہ زین اللہ و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ جمعیت طلباء اسلام طلباء کے حقوق کی محافظ اور ترجمان تنظیم ہے جو پوری ترجمانی کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ نوجوانوں اپنے اوقات کو موبائلوں اور لغو کاموں میں صرف نہ کریں بلکہ نوجوان اپنا رشتہ کتاب اور قلم کے ساتھ مضبوط بنائیں اور کتاب کو اپنے لئے ایک بہترین دوست بنائیں جسکی بقیہ نمبر56 صفحہ3 پر

شہر میں کنڈا کلچر کے ذریعے بجلی کی غیر قانونی استعمال کی اجازت کسی نہیں دے سکتے، ایس ڈی او محمد اسلم

شہری میٹر لگوا کر قانونی طریقے سے بجلی کا استعمال یقینی بنائیں تو بجلی کی لوڈشیڈنگ کا خاتمہ ممکن ہوگا

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار میں کیسکو کی جانب سے غیر قانونی کنکشنز اور بجلی چوری کے روک تھام کے خلاف آپریشن کیا گیا آپریشن کے دوران شیر کے سٹی اور جعفر فیڈرز پر سیکڑوں غیر قانونی کنکشنز منقطع کر دیئے گئے ایس ڈی او کیسکو سب ڈویژن ڈیرہ اللہ یار محمد اسلم سہو نے لائن سپرنٹنڈنٹ جعفر فیڈر حاجی غلام یاسین کھوسہ اور لائن سپرنٹنڈنٹ سٹی فیڈر محمد حسن لاشاری کے ہمراہ شہر میں آپریشن شروع کر دیا کیسکو عملے نے شہر کے مین بازار اور گلی محلوں سے بجلی کے غیر قانونی کنکشنز منقطع کر کے کنڈا کلچر کے ذریعے لگی بجلی کی تاریں بھی ضبط کر لی ہیں جبکہ دکانوں پر جا کر میٹر ریڈنگ اور بجلی کے بل بھی چیک بقیہ نمبر57 صفحہ3 پر

کوئٹہ سیکرٹری بلدیات و دیہی ترقی صالح محمد ناصر پی ایس ڈی پی کے حوالے سے ڈی ایس سی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

قلات میں اے ٹی ایم مشینیں صارفین کیلئے دردسر بن گئیں

قلات (آن لائن) قلات میں اے ٹی ایم مشینیں صارفین کیلئے دردسر بن گئیں۔ مہینے کے شروع ہوتے ہی اے ٹی ایم مشینوں کے شٹر ڈاؤن کر کے تالے لگائے جاتے ہیں، ملازمین بقیہ نمبر64 صفحہ3 پر

قبائلی تنازعات کا خاتمہ وقت کی اہم ضرورت ہے، حاجی داود شاہوانی

صوبے ترقی و خوشحالی کے راہ میں بڑی رکاوٹ نے قبائلی تنازعات اور نفرتیں قوموں کو تباہ کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) حاجی میر داود شاہوانی نے کہا ہے کہ قبائلی تنازعات کا خاتمہ وقت کی اہم ضرورت ہے صوبے ترقی و خوشحالی کے راہ میں بڑی رکاوٹ نے قبائلی تنازعات اور نفرتیں قوموں کو تباہ کر رہے ہیں اور اس جرگہ میں تینوں قبائلی کے سابق وفاقی وزیر سردار محمد عمر کوسج سردار داود محمد حسنی حاجی قدیر سنجرانی حاجی عزیز محمد حسنی حاجی میر داود شاہوانی ملک بشیر شاہوانی حاجی بقیہ نمبر63 صفحہ3 پر

سانحہ سول ہسپتال 2016ء صوبے کی تاریخ میں سب سے زیادہ اندوہناک دلخراش واقعہ ہے، اے این پی

صوبے کیلئے عدل اور انصاف کے میدان میں پچاس سالہ جہد اور کاوش کو لمحوں میں تہہ خاک کر دیا گیا

پشین (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ شہداء 8 اگست سانحہ سول ہسپتال 2016ء صوبے کی تاریخ میں سب سے زیادہ اندوہناک دلخراش واقعہ ہے جس دن صوبے کیلئے عدل اور انصاف کے میدان میں پچاس سالہ جہد اور کاوش کو لمحوں میں تہہ خاک بقیہ نمبر65 صفحہ3 پر

چوہدری برادران کیخلاف نیب میں کیسز بنوا کر بچاؤ مہم کا حصہ ہے، حافظ حسین احمد

پرویز مشرف کے دور میں سیاستدانوں کی وفاداریاں تبدیل کرنے کے لیے نیب کا ادارہ بنایا گیا جس میں وہ کامیاب بھی رہے

نیب کے ذریعے چوہدری برادران پر پریشر ڈال کر پنجاب کی صورتحال پر کنٹرول کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، صحافیوں سے گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی ترجمان اور سابق ممتاز پارلیمنٹرین و سینیٹر حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ چوہدری برادران کے خلاف نیب میں کیسز "بنوا کر بچاؤ" مہم کا حصہ ہے، نیب کو سیاسی وفاداریاں تبدیل کرنے کے لیے استعمال کیا جارہا ہے۔ منگل کے روز صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے یو ٹی کے ترجمان کا کہنا تھا کہ پرویز مشرف کے دور میں سیاستدانوں کی وفاداریاں تبدیل کرنے کے لیے نیب کا ادارہ بنایا گیا جس بقیہ نمبر39 صفحہ3 پر

اوتھل ریسکیو 1122 کا عملہ قومی شاہراہ پر مختلف حادث میں زخمی ہونیوالے افراد کو ٹیارہ اور وندر سنٹر میں طبی امداد فراہم کر رہے ہیں

صفائی مہم مزید بہتر انداز میں کی جائے، ڈپٹی کمشنر نصیر آباد

مشینوں کی مدد سے صفائی ستھرائی کا عمل پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے، حافظ محمد قاسم کاکڑ

ژوب (آن لائن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد حافظ محمد قاسم کاکڑ اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی صدیہ جمالی کی ہدایت پر تحصیلدار بہادر خان کھوسہ کی نگرانی میں چیف آفیسر ڈیرہ مراد جمالی آزاد خان گرانی نے محلہ کے ہمراہ شہر بھر میں صفائی مہم کا آغاز کر دیا جدید مشینری سے صفائی مہم اور پانی کا چھڑکاؤ جاری ہے اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی صدیہ جمالی، تحصیلدار ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ نے بقیہ نمبر66 صفحہ3 پر

سول اسپتال ڈھاڈر کسی مسیحا کی منتظر حکام کی عدم توجہی سے مسائلستان بن چکا ہے، اوا کریم بلوچ

سول ہسپتال ڈھاڈر روز بروز نااہل ایم ایس ڈی ایچ کیو کی وجہ سے ابتری کی جانب گامزن ہے

مچھ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی ڈسٹرکٹ کچھی کے صدر اوا کریم بلوچ سینئر نائب صدر الطاف بلوچ جنرل سیکرٹری میر مراد کرد ڈپٹی جنرل سیکرٹری بابے لہری انفارمیشن سیکرٹری بلال سالانی فنانس سیکرٹری فاروق بلوچ جوائنٹ سیکرٹری طارق بلوچ جونیئر نائب صدر ساجد بلوچ ویمن رائٹس سیکرٹری عبدالرحمن نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ سول اسپتال ڈھاڈر کسی مسیحا کی بقیہ نمبر67 صفحہ3 پر

بلوچستان کے عوام اور حکومت کشمیریوں کی غیر متزلزل حمایت جاری رکھے گی، محمد عبدالقادر

کشمیری نوجوانوں کی بھارتی استبداد کے خلاف قربانی ایثار اور مزاحمت دنیا کیلئے انوکھا مثال ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ کشمیری نوجوانوں کی بھارتی استبداد کے خلاف قربانی ایثار اور مزاحمت دنیا کیلئے انوکھا مثال ہے بلوچستان کے عوام اور حکومت کشمیریوں کی غیر متزلزل حمایت جاری رکھے گی 5 اگست کو بلوچستان عوامی پارٹی کے زیر اہتمام گوادر سے لیکر ژوب تک کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے بھرپور انداز میں منایا جائے گا۔

سیاسی عدم استحکام اور انتشار کی جانب جا رہا ہے، سردار یعقوب خان ناصر

ملک اس وقت خطرناک ڈگر پر کھڑا ہے اگر عمران خان کو مزید وقت دیا گیا تو ملک سیاسی بحران کا شکار ہو جائیگا

وزیر اعظم اپنی کچن کابینہ سمیت عید سے قبل مستعفی ہو کر گھر چلی جائے، مرکزی سینئر نائب صدر مسلم لیگ ن

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ ن کے مرکزی سینئر نائب صدر سینیٹ کے سینڈنگ کمیٹی بین الصوبائی رابطہ کے چیئرمین سینیٹر سردار محمد یعقوب خان ناصر نے کہا ہے کہ ملک اس وقت خطرناک ڈگر پر کھڑا ہے اگر عمران خان کو مزید وقت دیا گیا تو ملک سیاسی بحران کا شکار ہو جائیگا اور معاشی طور پر ملک دیوالیہ ہونے کے قریب ہے جب وزیر اعظم اپوزیشن میں تھے تو یہ بات ریکارڈ پر موجود ہے کہ اگر میں حکومت آگئی اور میں نے آئی ایم ایف ورلڈ بنک اور بیرونی دنیا سے قرض لیا تو اس سے بہتر ہے کہ میں خودکشی کر لوں لیکن آج انہوں نے جتنے قرضے بھاری سود پر اداروں سے لیے اتنی ہماری حکومت بقیہ نمبر36 صفحہ3 پر

چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جناب قاضی محمد امین خان سے ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن لورالائی کے عہدیداران کا ایک وفد ملاقات کر رہا ہے

لسبیلہ میں مختلف حادثات میں ایک کمسن بچے سمیت چھ افراد زخمی

اوتھل (ناصر نگار) لسبیلہ میں مختلف حادثات میں ایک کمسن بچے سمیت چھ افراد زخمی، ریسکیو 1122 ٹیارہ اور وندر کی ٹیموں نے امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیا، ریسکیو 1122 کے مطابق لسبیلہ کے علاقے اوتھل میں قومی شاہراہ پر تین مختلف حادثوں میں تصادم کے نتیجے میں دو افراد زخمی ہو بقیہ نمبر53 صفحہ3 پر

زندگی بھر کا جمع پونجی یہ بکریاں تھی جن سے اپنے بچوں کا پیٹ پالتا تھا وہ سب کل کے بارش میں ہلاک ہو چکے ہیں

خضدار (ناصر نگار) واہ گزشتہ روز بارشوں سے ہونے والے نقصانات واہ کے علاقہ پلی ماس میں گزشتہ روز ہونے والے بارش کی وجہ سے مویشیوں کا شیڈ گرنے سے شمس الدین نامی ایک شخص کے 20 بھیڑ بکریاں ہلاک شمس الدین بقیہ نمبر59 صفحہ3 پر

جعلی ڈومیسائل سے بلوچستان کے عوام کو اقلیت میں بدلنے کی سازش ہوئی، مولانا عبدالقادر لونی

ڈیڑھ کروڑ کی آبادی کے صوبے میں 22 ہزار سے زیادہ جعلی ڈومیسائلز جاری ہونے کا انکشاف ہوا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی کنوینر مولانا عبدالقادر لونی نے کہا کہ بلوچستان کے موسیٰ خیل میں سب سے زیادہ جعلی ڈومیسائل کے ذریعہ سے صوبے کی وفاق میں ملازمین کو تعینات کیا گیا ہے ان خیالات کا اظہار عوامی ایکشن کمیٹی موسیٰ خیل کے جعلی ڈومیسائلز کیخلاف احتجاجی کیمپ میں احتجاجی دھرنے سے ٹیلیفونک خطاب کرتے ہوئے کیا سوہائی بقیہ نمبر60 صفحہ3 پر

ایس ایس پی خضدار کی کارروائی، ہزاروں پیکٹ رتی، گٹکا اور ہوٹ فلیورز 60 سے زائد پیکٹس برآمد

خضدار (ناصر نگار) ایس ایس پی خضدار، گل سید خان آفریدی کی خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی سٹی، گل احمد کی زیر نگرانی میں ایس ایچ او صدر محمد صالح رند۔ ایس آئی عبدالحق۔ اے ایس آئی محمد رفیق۔ اے ایس آئی بقیہ نمبر61 صفحہ3 پر

سندھ حکومت صحافیوں کو تحفظ دینے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے، جمل خان بلوچ

حق و سچ لکھنے کی پاداش میں انہیں مختلف حربے استعمال کر کے تنگ کیا جاتا ہے

صبت پور (این این آئی) غل پریس کلب برائے سیکشن پولیس تھانہ کے پولیس کی بلاجواز چڑھائی کیخلاف ڈسٹرکٹ پریس کلب صبت پور کے صحافیوں کا احتجاجی مظاہرہ۔ پریس کلب پر چڑھائی آزادی صحافت کا گلہ گھونٹنا ہے۔ غل کے صحافیوں نے ہمیشہ حق و سچ لکھا ہے اور لکھتے رہیں گے۔ پولیس کی اس کہو نے عمل کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ آئی جی سندھ اور وزیر اعلیٰ سندھ غل پولیس کے اس عمل کا فوری طور پر نوٹس لیکر SSP ڈیپک آباد اور SHO غل کو ہٹایا جائے۔

خالد خان کو بوستان لیویز اہلکاروں نے بوستان کے پہاڑیوں سے برآمد کر لیا

پشین (آن لائن) گزشتہ جمعہ کو تحصیل برشور توبہ کاکڑی سے اغوا کیا گیا مغوی خالد خان کو بوستان لیویز اہلکاروں نے بوستان کے پہاڑیوں سے برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق آج صبح بوستان لیویز تھانہ اور چوکل چوکی بوستان کو اطلاع ملتے ہی لیویز اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر مغوی خالد خان کو ریسکیو کر کے ضروری کاروائی کیلئے لیویز تھانہ بوستان منتقل کر دیا۔ مغوی کے مطابق کل رات کو اغواکاروں نے ہاتھ پاؤں باندھ کر چھوڑ دیا تھا۔

پیٹریاٹک یوتھ فورم محب وطن نوجوانوں کا پلیٹ فارم ہے، میر احسان الٰہی

بلوچستان کے نوجوانوں پی وائی ایف کا حصہ بن کر امن و خوشحالی کے لئے کردار ادا کریں، چیئرمین

ہمارا جنگ ان قوتوں سے ہے جو وطن عزیز پاکستان کیخلاف زہر اگلتے ہیں، بیان

واشک (پ ر) نوجوان قبائلی شخصیت چیئرمین پیٹریاٹک یوتھ فورم میر احسان الٰہی نے میر عبدالمنان مینگل کی سربراہی میں نوجوانوں کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان صوبے اور ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں جو امن ترقی و خوشحالی کے لئے مثبت کردار ادا کر سکتے ہیں اور اس کے لئے پیٹریاٹک یوتھ فورم واحد پلیٹ فارم ہے جو عرصہ دراز سے پورے صوبے میں مثبت سوچ کو پھیلانے میں بھرپور کردار ادا کر رہا ہے تاکہ بلوچستان کے کونے کونے میں شعوری سوچ پیدا ہو سکے اور نوجوان بقیہ نمبر62 صفحہ3 پر

وفاقی حکومت بلوچستان کی ترقی میں خصوصی دلچسپی لے رہی ہے، نور محمد دمڑ

بلوچستان میں بہت جلد سی پیک پروجیکٹ کے تحت کچلاک، ژوب ڈبل وے شاہراہ کی تعمیر کی آغاز ہوگا

وزیر اعظم عمران خان اور وفاقی حکومت بلوچستان کی ترقی میں خصوصی دلچسپی لے رہے ہیں، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے وزیر اعظم پاکستان کی جانب سے بلوچستان کے احساس محرومیوں کا خاتمہ، امن و امان کے قیام اور اقتصادی، سماجی ترقی کیلئے اقدامات کرنے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ماضی کے 70 سالوں میں وفاق نے بلوچستان کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک روا رکھا تھا لیکن موجودہ بقیہ نمبر38 صفحہ3 پر

عیدالاضحیٰ کی آمد پر ایک ساگر قربانی کیلئے چھریاں تیز کر رہا ہے

معروف زمیندار میر علی حیدر خان مغلشانی جمالی طویل علالت کے وفات پاگئے

اوستہ محمد (آن لائن) معروف زمیندار میر علی حیدر خان مغلشانی جمالی طویل علالت کے بعد کراچی کے اسپتال میں وفات پاگئے تفصیلات کے مطابق گنداخہ کے علاقہ گوٹھ میرو خان جمالی مغلشانی کے معروف زمیندار میر علی حیدر بقیہ نمبر68 صفحہ3 پر

ڈپٹی ڈائریکٹر بی ایف اے یعقوب قریشی کی رسم سوئم ادا، فاتحہ خوانی کا سلسلہ جاری

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی ڈائریکٹر بلوچستان فوڈ اتھارٹی محمد یعقوب قریشی کی ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کا سلسلہ جاری ہے مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے آج سے 2 دن تک اگلے بقیہ نمبر34 صفحہ3 پر

یونیورسٹی سکینڈل کی وجہ سے طلبا و طالبات اور والدین بے چینی کی شکار ہے